تبدیلی کیویں ہُندی اے۔ ایہنوں سمجھنا بہت ای سوکھا اے۔ تُسی ایس سارے عمل اُتے دھیان کرو تے تُسی جان جاؤ گے پئی کیویں خُدا ایس سارے کم وچ تُہانوں اپنی حضوری دا احساس دیوئے گا۔ ہر طرح دیاں مسیحیاں وچ تے پرچار کرن والیاں وچ خُدا دے روح دی پچھان کرنا کوئی سوکھا کم نہیں اے۔ پر او لوک جہناں وچ خُدا دا روح وسیا ہُندا اے او ایہہ پچھان رکھدے نے پئی اوہناں دے نال گل بات کرن والا بندہ خُدا دا خادم اے یاں کوئی وکھری پچھان رکھدا اے۔ اسی ایویں دیاں گلاں دا اپنیاں خانداناں، یاراں دفرتاں وچ مُشاہدہ کرسکدے آں۔ کُجھ لوکاں دا خیال اے پئی اِک سچا مسیحی بنن دے لئی ضروری اے پئی اوس بندے نوں اِک لمبے عرصے تیکر اِک بن کمرے وچ ڈکیا جاوئے تے اوہنوں کھاون دے لئی صرف بائبل وچوں حوالے دِتے جاون تے اوہنوں اوس ویلے تیکر نہ چھڈیاں جاوئے جدوں تیکر او پکا مسیحی نہ بن جاوئے۔ اوہناں دے مُطابق اوہنوں واقعی اِک کمرے وچ ڈکیا جاوئے تے اوہنوں ۳۰ توں ۴۰ وریاں دا تجربہ رکھن والے پکے مسیحی لوکاں دیاں مثالاں دے بارے تے اوہناں دیاں تجربیاں دے بارے دسیا جاوئے۔ پر ایہہ اِک مضحکہ خیز گل اے یسوع نے کدی وی ایویں کرن دے بارے نہیں آکھیا سی سگوں او اپنیاں شاگرداں نوں اپنے نال نال رکھدا سی تے او اوہدی عملی حیاتی وچ اوہدے کردار دی خوبصورتی وچوں تے اوہدیاں الٰہی گلاں وچوں بہت کُجھ سَکھدے سن۔ مسیح یسوع نے بالکُل وی ایویں دی کسے قید دے بارے نہیں آکھیا سی۔ اوہدے شاگرد اوہدے نال آسے پاسے دے سارے علاقیاں وچ اوہدے نال نال جاندے

سن جیویں پئی گلیل، یروشلیم تے اسرائیل دے شمالی علاقے تے سامریہ دے سارے علاقیاں وچ اوہدے نال نال رہے سن۔ تے اوہناں دا ایہہ ساتھ اوہدے پھڑوائے جاون تیکر اوہدے نال رہیا سی۔ تے اِک واری جدوں او سامریہ وچ گئے سن تے او اپنیاں شاگرداں دے نال گلاں کردا پیا سی تے اوہدیاں شاگرداں نے اوہنوں آکھیا پئی خُداوند تُو پئیو نوں سانوں وکھا، اوہناں اَسمانی پئیو نوں ویکھن دی خواہش دا اظہار کیتا سی پر یسوع نے اوہناں نوں آکھیا پئی میں تُہاڈے نال آں۔ میں پئیو وچ آں تے پئیو میرے وچ رہ کے اپنے کم کردا اے۔ اوہنے اوہناں دے اِک سوال دا جواب ایویں دِتا سی پئی میں دُنیا وچ ایس لئی نہیں آیا آں پئی میں دُنیا دی عدالت کراں سگوں ایس لئی پئی دُنیا نوں بچاواں۔ یسوع مسیح دے ایس دُنیا وچ آون دے مگر اوہدا اِک مقصد سی، او اصل وچ ایس دُنیا نوں پاپ دی قید وچوں آزاد کرن تے مُکتی دیون آیا سی۔ عدالت باہجوں دا کم اے، ہن جیہڑا ویلا سانوں دِتا گیا اے اوہدے وچ سانوں ہر مُمکن طور تے لوکاں نوں خُدا دے نیڑے لیاون وچ اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیدا اے۔ عدالت شروع ہون توں پہلاں سانوں ہر طرح دے نال لوکاں نوں ایہدے بارے دسن دی لوڑ اے۔ خُدا کسے دی ہلاکت نہیں چاہندا اے سگوں او چاہندا اے پئی ہر کوئی توبہ کرے تے ہمیشہ دی حیاتی پاوئے۔ خُدا انساناں دے نال بہت زیادہ پیار کردا اے تے اوہدے پیار دا ای نتیجہ اے پئی اوہنے ساڈی خاطر اپنے سوہنے پُتر نوں ایس دُنیا وچ گھل دِتا سی۔ او اجے تیکر عدالت دے کم نوں ایس لئی شروع نہیں کردا پیا اے کیوں جے او چاہندا اے پئی ہور زیادہ لوک

ایمان لیاون تے ہلاک ہون توں بچ جاون۔ اوہدی خُوشی انساناں دے ہمیشہ دی حیاتی وچ شامل ہون وچ اے۔ خُدا مُکاشفہ دی کتاب وچ بیان کیتیاں جاون والیاں ساریاں آفتاں نوں نازل کرن وچ ایس لئی صبر دا مُظاہرہ کردا پیا اے کیوں جے او لوک جیہڑے ایس زمین اُتے اوہدے کلام دا پرچار کردے پئے نے او اپنا اپناکم پُورا کر لین تے اوہناں نوں خُدا دے بارے دس دین جہناں نوں اجے تیکر خُدا دی پچھان نہیں اے تاں پئی کوئی وی بے خبری وچ نہ مرے۔ ایہہ خُدا دی مہربانی اے تے اوہدے پیار دا ثبوت اے پئی او اجے تیکر ساڈے ایمان لیائے جاون دا انتظار کردا پیا اے تاں پئی سانوں وی اپنی بادشاہت وچ شامل کر لیوئے۔

تے اِک مسیحی ہُندیاں ہوئیاں ساڈا فرض اے پئی اسی ایس دُنیا دے اُلٹ ہوئیے۔ اسیپیار دی فصل بیجئیے تے ایس دُنیا وچ خُدا دی مدد دے نال پیہڑیاں کماں اُتے چنگیاں کماں دے نال غالب آئیے۔ سانوں اوس عدالت دے شروع ہون توں پہلاں پہلاں اپنیاں کماں نوں پُورا کرنا اے۔ ایس توں پہلاں پئی خُدا ایس دُنیا دی عدالت دے کم نوں شروع کرے سانوں جہنا وی ہوسکے لوکاں نوں خُدا دے بارے دسنا اے تے یاد رکھو پئی ایہدے وچ کوتاہی دی کوئی گُنجائش نہیں اے۔ تُسی ایہدے بارے سوچدے او تے اِک منصوبہ تیار کردے او تے فیر ایہنوں عملی جامہ پواون دے لئی ٹُر پیندے او۔ عام طور تے تُسی ایویں کرن دے لئی کسے خاص اشارے نوں نہیں اُڈیکدے او سگوں ایہنوں شروع کردیندے او۔ کدی کدی ایویں ہُندا اے پئی تُہانوں کُجھ تاثرات ویکھن دے لئی کُجھ چِر کھلونا پیندا اے۔ پر عام طور تے تُسی

سوچدے او پئی جو کُجھ ہُندا پیا اے اوہدے بارے میرا خیال کیہ اے۔ تے ایویں تُسی اوہدے انت دے بارے سوچدے او پئی ایہدا اخیر کیہ وے گا۔ پاک کلام وی ایس سلسلے وچ سانوں راہ وکھاندا اے پئی کوئی وی کم شروع کرن توں پہلاں سانوں ایس گل دا اندازہ لگانا چاہیدا اے پئی کیہ اسی ایہنوں مُکا سکاں گے؟ خُداوند یسوع مسیح نے اِک مثال پیش کیتی سی پئی کیہڑا اجہیا بندہ اے جیہڑا کوئی مکان بناون توں پہلاں اوہدا حساب نہ لگاوئے پئی اوہنوں بنا سکدا اے یا نہیں۔ جے اسی ایویں نہیں کردے آں تے کئی واری سانوں ایہنوں پُورا کیتے بغیر ای اویویں ای چھڈنا پیندا اے۔ تے سانوں ایویں خلق کیتا گیا اے پئی اسی کسے وی کم نوں شروع کرن توں پہلاں اوہدا حساب لگا سکدے آں پئی ایہنوں کیتا جاسکدا اے یا نہیں۔ تے اسی ایہہ حساب لگا سکدے آں پئی میں جیہڑا پروگرام پیش کرن والا آں ایہدا میرے اُتے میرے یاراں اُتے تے سُنن والیاں اُتے کیہ اثر ہوئے گا۔ تے ایہدا ایہہ بالکُل مطلب نہیں اے پئی جو کُجھ تُسی سوچدے او اویں ای ہوئے گا سگوں ایہہ ایہدے نیڑے نیڑے وی ہوسکدا اے۔ تے سانوں ایہہ اختیار اے پئی اسی کسے وک کم توں پہلاں اوہدے بارے تسلی کر لئیے پئی اسی ایہنوں کر لیواں گے یا نہیں۔ تے اسی اپنے تے دوجیاں دے ردِ عمل دے بارے کُجھ خیال کرسکدے آں تے اسی صورتِ حال دے مُطابق کُجھ تبدیلیاں وی کرسکدے آں۔ ایہہ ساڈے لئی کُجھ چنگے نتیجے لیاون دا سبب بن سکدیاں نے۔ پر کُجھ حالات وچ منفی طور تے حاصل ہون والا ردِ عمل سانوں راہ وکھاندا اے پئی سانوں کُجھ تبدیلیاں دے لوڑ اے۔ ایویں سانوں

اپنیاں کماں نوں فیر ترتیب دیون دی لوڑ ہُندی اے۔ جے سانوں ایہدے وچوں کوئی گل پیہڑی لگدی ہوئے تے اسی ایہدے وچ بہتری لیاون دے لئی کوئی کوشش کرسکدے آں۔ اسی عام طور تے ایویں دیاں شہراں وچ رہندے ہُندے آں جتھے کاروباری کم عروج اُتے ہُندے نے۔ ساڈا تعلُق اِک مضبوط تہذیب دے نال اے جہدے وچ اسی مضبوط مذہبی عقیدے رکھدے آں، ساڈی مُعاشی حالت بہت چنگی اے، تے ایس سب کُجھ وچ سانوں اِک ای ویکے وچ وکھریاں وکھریاں کماں دی منصوبہ بندی کرنا پیندی اے۔ بہت ساریاں کماں تے گلاں وچ اوس ای ویلے فیصلہ کرنا پیندا اے۔ پُرانے عہد نامے وچ اسی ویکھ سکدے آں پئی کُجھ واری ایویں ہُندا سی پئی صرف اِک ای بندے دی غلطی دی سزا ساری قوم نوں بھُگتنی پیندی سی۔ ایویں کُجھ لوک ہُندے نے جیہڑے اِک مُعاشرے وچ بہت ساریاں مُصیبتاں دا سبب بندے نے۔ مینوں یاد اے پئی میں اِک کارٹون کہانی اُتے دھیان کردا پیا سی تے میں ویکھیا پئی اوہدے وچ اِک بندے نوں جیل وچ بند کیتا گیا سی جیہڑا پئی اِک مُجرم سی تے اوہنوں کِسی نِکے موٹے جُرم دی وجہ توں سزا ہوئی سی۔ تے او بندہ ایویں آکھدا پیا سی پئی ڈی۔این۔اے ٹیسٹ نال ایہہ ثابت ہوسکدا اے پئی میں پاپ نہیں کیتا اے۔ پر جے اسی دھوکا دیندے آں تے اسی ایہنوں کیویں ثابت کرسکدے آں۔ ڈی۔این۔اے ایہدے بارے کُجھ نہیں آکھدا اے۔ ایس دُنیا وچ بہت سارے جرُم نے جہناں نوں اسی انسان ہُندیاں ہوئیاں کردے آں۔ کُجھ لوک نکیاں نکیاں کماں نوں بہت اوکھے ہوکے کردے نے تے کُجھ لوک کِسی

نوں جانوں مار دین توں وی نہیں ڈردے نے۔ کُجھ لوک پیسیاں دے مُعاملے وچ ہیرا پھیری توں نہیں ڈردے ۔ پر یاد رکھو پئی اوہناں نوں کسے نہ کسے طرح اوہناں ساریاں گلاں دا جواب دینا پوئے گا۔ تے کوئی وی بندہ نہیں اے جہنوں نہیں پُچھیا جاوئے گا۔ معاشی تے حکومتی طور تے بہت سارے قانون نے جہناں نوں پار نہیں کیتا جاسکدا اے۔ تے کسے نہ کسے طرح اسی ایہناں وچ پیہڑی طرح دے نال پھس جاندے آں۔ اِک نظام اے جیہڑا سانوں لبھ لیندا اے تے جیہڑا انصاف دیاں تقاضیاں نوں پُورا کردا اے۔ جے کسے وی تھاں تے دن بدن جُرم وہدا جاندا اے تے اِک ویلہ آوئے گا جدوں اِک نظام دے ہیٹھاں ساریاں شیواں دا حساب ہوئے گا۔ تے ہر اِک چنگی شے ہر اِک پیہڑی شے توں وکھ کیتی جاوئے گی۔ بہت سارے لوک ایہہ خیال کردے نے پئی خُدا اوہناں نوں خاص طور تت ورتدا پیا اے کیوں جے او ایس قابل نے پر ایویں نہیں اے خُدا کسے ہور نوں وی ایتھوں تیکر پئی کسے ہور شے نوں وی ایس کم دے لئی ورت سکدا اے۔ او قادر اے تے ایس ساری کائنات دا نظام اوہدا بنایا ہویا ای اے۔ اوہنے ای سانوں اِک آزاد مرضی دِتی اے تے ساڈے سامنے پائے جاون والے سماجی تے حکومتی ڈھانچے اوہدے بنائے ہوئے نے تے او ای ایس زمین اُتے انصاف نوں قائم کردا اے۔ تے جیویں جیویں جُرم وہدے جاندے نے لوک اوہناں دے بارے فکر کردے نے تے کُجھ حالات وچ ایہہ اِک ڈاہڈے ردِعمل دے طور تے وی سامنے آندا اے۔ لوکی اصل وچ اپنیاں خاندانی تے معاشرتی حیاتیاں وچ اِک قانون ویکھنا چاہندے نے تے او اپنیاں ساریاں کماں وچ اِک

تناسب دی خواہش کردے نے۔ مسیحی اداریاں تے تنظیماں وچ وی خُدا دی مرضی نوں پہلا درجہ دِتا جاندا اے جہدا نتیجہ اوہناں دی روحانی شخصی ترقی تے اوہناں دی پھلدار سیوا دی شکل وچ مِلدا اے۔ تے ایہہ اِک بہت وہڈی حقیقت اے جہنوں ہر کسے نوں جاننا چاہیدا اے۔ خُدا نے ساڈی تخلیق دے ویلے توں ای ساڈے اندر اِک خاصیت رکھی اے جہدی مدد نال اسی ایویں دے حالات وچ فیصلہ کرن دے قابل ہُندے آں۔ ایس دُنیا وچ حیاتی لہنگاوندیاں ہوئیاں ساڈے بہت سارے یار نے تے سانوں بہت ساریاں لوکاں دے نال تعلُق رکھنا پیندا اے۔ تے سب توں وہد کے اسی اِک خاندان رکھدے آں جہدے وچ ایہہ خاصیت ساڈے لئی تے دوجیاں دے لئی بہت زیادہ اثر انداز ہُندی اے۔ ہوسکدا اے پئی تُہانوں ہر کسے دو لوں مطلوبہ نتیجے نہ مل سکدے ہون۔ پر کُجھ لوک ضرور تُہاڈے نال ایس گل دا ذکر کرن گے جہدے نال تُسی تقویت پاؤ گے۔ سانوں ہر طرح دے صورتِ حال وچ تے ہر طرح دے مُعاملے وچ خُدا نوں شامل کرن دی لوڑ ہُندی اے۔ تے ایویں کرن دے لئی بہت ضروری اے پئی اسی دُعا وچ ویلا لہنگائیے۔ تے اسی اپنی حکومت، اختیار رکھن والیاں، مُعاشرے، خانداناں، تے شخصی کماں دے لئی خُدا توں التجا کریئے۔ تے یقیناً تُسی ایویں دے حالات وچ اِک واضح تبدیلی محسوس کرو گے تے خُدا ہر طرح نال تُہاڈی مدد کرے گا تے تسلی دیوئے گا۔ ایس دُنیا وچ سارے اختیار والے لوک خُدا دے ہتھ وچ نے تے او اوس ویلے تیکر کُجھ وی نہیں کرسکدے نے جدوں تیکر خُدا دی مرضی اوہدے وچ شامل نہ ہوئے۔ پاک کلام بیان کردا اے پئی بادشاہ

دا دل خُدا دیاں ہتھاں وچ اے تے او ای اوہدیاں رہواں نوں جدھر چاہندا اے اپنی مرضی دے نال موڑ دیندا اے۔ جدوں میں پہلی واری نوکری دے لئی گیا سی تے میں اپنے گھروں نکلن توں پہلاں اِک دُعا کیتی سی پئی خُداوند مین وں یقین اے پئی تُو ای ایس زمین دیاں لوکاں نوں ایہہ اختیار دِتا اے پئی او لوکاں دے لئی روزی دا وسیلہ بنن۔ میں اَج اپنے گھروں جیہڑے کم لئی جاندا پیا آں اوہنوں تیرے اَگے رکھدا آں۔ میں منت کردا آں پئی جیہڑے بندے دے نال میری مُلاقات ہوئے تُو اوہدے دل نوں میرے لئی نرم کریں۔ تے خُدا نے میری دُعا نوں سُنیا تے اوہدا جواب وی دِتا سی۔

خُدا نے ایس دُنیا وچ اِک مخصوص رنگینی پیدا کیتی ہوئی اے ،اوہنے سارا کُجھ اِکو جہیا ای نہیں بنایا اے سگوں اوہنے ایس کائنات وچ کُجھ اُتار چڑھاؤ پیدا کیتے ہوئے نے۔ اسی ایس گل نوں اپنیاں خانداناں، مُعاشریاں تے شہراں وچ وی ویکھ سکدے آں۔ اپنیاں شخصی حیاتیاں وچ اسی اپنیاں کئی کماں نوں کئی طرح دے نال کردے آں۔ خُدا دی قُدرت تے اوہدی بھلیائی دے بہت سارے نشان ایس کائنات وچ پائے جاندے نے جہناں نوں ویکھ کے اسی اوہدی قُدرت دے بارے سوچ سکدے آں۔

ہر بندہ اپنے ایمان نوں اِک خاص طریقے دے نال پیش کردا اے۔ کُجھ لوکاں دے وچ ایمان دے تعلیم دے حوالے دے نال بہت کُجھ سکھاون دی لوڑ ہُندی اے۔ یاد رکھو پئی ایویں کردیاں ہوئیاں بالکُل وی ایس گل نوں اِک پاسے رکھ دیوؤ پئی تُسی کون او تے تُسی کِناں لوکاں

وچ جاندے پئے او ۔ اوہناں دا عبادت کرن دا کیہ طریقہ اے تے او کیہڑیاں کیہڑیاں گلاں نوں ترجیح دیندے نے۔ یا کیہڑے کیہڑے خاندان ایہدے وچ شریک ہُندے نے۔ اَج دے دور وچ جدوں اسی ایمان دے بارے گل بات کردے آں تے اسی کُجھ گلاں نوں بہتا ورتدے آں۔ تے کُجھ ایویں شروع کردے نے پئی تُسی یسوع مسیح دے بارے کیہ آکھنا چاہو گے، تُسی کیویں دیاں مسیحی کتاباں دے بارے وچوں یسوع مسیح نوں جاندے او، تُسی یسوع مسیح دی حیاتی دے بارے کیہ کُجھ جاندے او۔ تے جدوں لوک یسوع مسیح دی حیاتی دے بارے دسنا شروع کردے نے تے سب توں پہلاں او سمجھاون دی کوشش کردے نے پئی او شخصی طور تے مسیح یسوع دے بارے کیہ رائے رکھدے نے تے ایہدے لئی وکھرے وکھرے حوالیاں تے تاریخی گلاں توں مدد لیندے نے۔ ایہدے باہجوں او ایس گل اُتے دھیان کردے نے پئی یسوع مسیح اُتے ایمان لیایا جانا بہت ای ضروری اے۔ تے او اوہناں شہادتاں تے مسیحی تجربیاں نوں پیش کرن دی کوشش کردے نے پئی جہناں نوں او لوکاں نوں دسن لئی پیش کردے نے پئی او یسوع مسیح نوں اپنا مُکتی داتا قبول کر لین۔ او اوہناں نوں اپنیاں توقعاں دے بارے دسدے نے پئی او یسوع مسیح نوں قبول کردیاں ہوئیاں اوہدے توں کیہڑیاں گلاں دی توقع کرسکدے نے۔ شخصی طور تے اوہنے جو کُجھ میرے لئی کیتا او ایہہ ہے پئی اوہنے میرے لئی ایس دُنیا وچ آ کے انساناں وچ انسانی شکل لے کے اِک کامل تے بے داغ حیاتی بسر کیتی۔ او میری تے ایس دُنیا دے ہر اِک بندے دی خاطر پھڑوایا گیا سی۔ تے اوہنے میرے تے ایس دُنیا دے ہر اِک

بندے دی خاطر فدیہ دِتا تے صلیب اُتے چڑھ گیا سی۔ میری خواہش اے پئی میں اپنی حیاتی دے ہر اِک جاگدے ہوئے لمحے وچ اوہدی سیوا کراں۔ او ای اِکّ کامل ہستی اے جیہڑی ایس دُنیا وچ امن دا سنیہا لیائی سی تے ایس لئی اسی اوہنوں صُلح تے امن دا شہزادہ آکھدے آں۔ اسی اپنیاں ساریاں تجربیاں نوں دُنیا دے نال ونڈدے آں پئی اسی کیویں تے کیوں اوہدی بندگی کردے آں۔ اسی کیویں اوہدی رائیں پئیو تیکر پہنچدے آں۔ اسی اپنیاں یاراں، عزیزاں تے نال سیوا کرن والیاں بھراواں دیاں مسیحی تجربیاں نوں لوکاں نوں دسدے آں۔ اسی اوہناں چنگیاں کتاباں دا حوالہ دیندے آں جہناں اسی ورت چُکے ہُندے آں۔

میں کُجھ لوکاں نوں جاندا آں جیہڑے اپنی حیاتی وچ لوکاں نوں بیان کردے نے تے جدوں او اوہناں کتاباں دا حوالہ دیندے نے تے آکھدے نے پئی او پاک تعلیماں، مارمن دی کتاب تے کُجھ دوجیاں سائنسی کتاباں نوں چنگا جاندے نے۔ بھاویں جے میں ایہنوں چھ مہینے پہلاں سُنیا سی پر فیر وی اجے تیکر میرے ذہن وچ ایویں دے سوال پائے جاندے نے پئی او لوک ایہناں کتاباں دے بارے کیہ جاندے نے؟ میں اوہناں نوں پچھنا چھواں گا پئی کیہ تُسی اوہناں ساریاں گلاں نوں لِکھ سکدے او جیہڑیاں تُسی ایہناں دے بارے جاندے او۔ تُسی خُدا دے اصلی کلام دے بارے کیہ جاندے او؟ یا دوجیاں کتاباں جہناں دا تُسی ذکر کیتا اے اوہناں دے بارے وچ تُہاڈ کیہ خیال اے؟ جے اسی وکھریاں کلیسیاواں دے بارے ویکھئیے تے اسی جاندے

آں پئی اپنے اپنے ایمان دے بارے اوہناں دی اِک تعلیم اے تے او ثابت کردے نے پئی
ایس ایمان دی بُنیاد خُدا دے پاک کلام اُتے ہے جیہڑا پئی اخیری تے لاتبدیل اے۔
ہر اِک بندہ جیہڑا کِسی وی موضوع تے گل بات کردا اے او اِک اختیار رکھدا اے۔ تے
اوہدے کول اِک قوت ہُندی اے جہدا جہدا دی مرضی دے مُطابق ورتیا جانا بہت ای ضروری
اے۔ کوئی وی بندہ جیہڑ کسے وی عہدے اُتے ہوئے اوہدا اختیار خُدا دیاں ہتھاں وچ ہُندا اے
تے او نہیں جاندا ہُندا اے پئی کیہڑے ویلے خُدا اوہدے توں سب کُجھ واپس لے لیوئے گا۔
چنگا فیصلہ کرن دی قوت خُدا دے کول اے تے او جو کُجھ وی فیصلہ کردا اے او حالات دے
مُطابق بالکُل ٹھیک ہُندا اے۔ کئی واری ظاہر طور تے بہت کُجھ ہُندا اے جہنوں سمجھنا بہت ای
اوکھا ہُندا اے تے او سانوں ٹھیک وی نہیں لگدا ہُندا اے پر اوہدے وچ لُکی ہوئی خُدا دی
مرضی نوں جاننا بہت ای ضروری ہُندا اے۔ تے او لوک جیہڑے خُدا دے نال اِک شخصی
تعلُق رکھدے نے اوس راز نوں جاندے ہُندے نے تے اوہدے اُتے بھروسہ رکھدیاں ہوئیاں
چُپ رہندے نے۔ خُدا اپنیاں بھید دیاں گلاں نوں اپنیاں چُنیاں ہوئیاں لوکاں اُتے ظاہر کردا
اے۔ ہمیشہ جیہڑی گل یا جیہڑی وی سوچ تُہاڈی سمجھ وچ نہ آئے اوہنوں خُدا دے اگے رکھ
دیوؤ۔ ایس ایمان دے نال پئی او ضرور تُہانوں ایہدے بارے اپنے ناہ نوں جلال دیون دے
لئی فہم دیوئے گا۔ کیوں جے اسی زمین تے ایس کائنات وچ کُجھ وی اوہدی مرضی توں بغیر
نہیں ہُندا اے تے جو کُجھ وی ہُندا اے اوہدے وچ اوہدی کامل مرضی شامل ہُندی اے۔ خُدا

اپنیاں وعدیاں وچ اپنے پُتر ، اپنیاں لوکاں، اپنی کلیسیا تے اپنیاں چُنیاں ہوئیاں دے نال وفادار اے۔ او انسان نہیں اے پئی اپنیاں ارادیاں نوں تبدیل کرے او خُدا اے تے اوہدے سارے وعدے سچے تے ہاں دے نال ہین۔ جیہڑے اوہدا یقین کردے نے او اوہناں نوں برکتاں دیندا اے۔ اوہنے اپنے اجیہے لوکاں دے بارے ای آکھیا سی پئی جو کُجھ تُسی زمین اُتے بنھو گے او اَسمان اُتے بنھیا جاوئے گا۔ جیہڑے اوہدے اُتے کامل ایمان تے یقین رکھدے نے او اوہناں دی فکر کردا اے تے اوہناں نوں اپنا خاص فہم دیندیاں ہوئیاں اوہناں نوں ہر طرح دی گُمراہی توں بچاندا اے۔ تے ایہہ ایمان ای اے جہدے وچ خُدا دے لوک ہر طرح دے حالات وچ دلیر ہوجاندے نے۔ تاریخ وچ بہت ساریاں تھاواں تے خُدا دیاں لوکاں اُتے ظُلم کیتے گئے سن، اتھوں تیکر پئی حکومتی سطح تے اوہناں نوں بہت زیادہ پریشان کیتا گیا سی۔ پر اوہناں وچوں کوئی وی اذیت خُدا اُتے اوہناں دے ایمان وچ کمی دا سبب نہیں بنی سی۔ سگوں اوہناں دیاں اکھیاں خُداوند اپنے خُدا اُتے لگیاں ہوئیاں سن تے او اوہدیاں وعدیاں اُتے ایمان رکھدے سن۔ حکومتی کوششاں اوہناں دے خُدا دے ناہ نوں جلال دین دی راہ وچ رکاوٹ نہ بن سکیاں سن۔ ایہدے نال ای سانوں اَج دی ساری گل بات نوں ایتھے مُکانا پوئے گا۔ تے سانوں یقین اے پئی اسی ایہنوں ایتھوں ای شروع کراں گے تے ایہدے بارے ہور وی بہت ساریاں گلاں نوں سِکھاں گے۔ آؤ اسی دُعا کریئے:

خُداوند ساڈے اَسمانی پیَو اسی ایس کائنات دے لئی تیرا شُکر کردے آں جہنوں توں اپنیاں کماں نوں ساڈے اُتے ظاہر کرن تے اوہناں نوں سانوں سمجھاون دے لئی بنایا اے۔ تیرا شُکر کردے آں ایس سارے انتظام دے لئی جیہڑا تُو ساڈیاں کلیسیاواں، ساڈیاں خانداناں، ساڈیاں تنظیماں تے ساڈیاں اداریاں وچ قائم کیتا ہویا اے۔ اسی تیریاں قانوناں دے لئی تیرا شُکر کردے آں جہناں دی راہنمائی وچ اسی اگے وہدد سکدے آں تے اپنیاں حیاتیاں وچ بہتری لیاون لئی مدد حاصل کرسکدے آں۔ اسی ایس کائنات وچ پائی جاون والی ہر اِک شے دے لئی تیرا شُکر کردے آں جہنوں تُو ساڈے لئی چنگی طرح خلق کیتا اے۔ تے جیہڑی تخلیق دے ویلے توں لے کے ہُن تیکر اویں ای اوس ای حالت وچ اپنا کم کردی پئی اے۔ اسی اپنے ہر اِک شخصی مُعاملے نوں تیرے حضور پیش کردے آں پئی ساڈی گل بات، ساڈے تعلُقات، ساڈی معاشرتی تے خاندانی ،کاروباری تے روحانی حیاتی وچ تُو ہر طرح دے ساڈے نال رہ تے ساڈی مدد کر۔ بخش پئی اسی راستی، بھلیائی، محبت، مہربانی، یسوع مسیح دے پیغام نوں ایس دُنیا وچ چنگی طرح پہنچاون والے بن سکئیے۔ خُداوند اسی تیری منت کردے آں پئی آپس دی محبت تے تیرے نال قائم اپنے شخصی تعلق وچ اسی پکے ہوسکئیے تے قائم رہ سکئیے۔ بخش پئی اسی راستی نوں اپنیاں حیاتیاں وچوں ظاہر کرن والے بن سکئیے۔ تے اپنی حیاتی دے ہر اِک پہلو توں تیرے پُتر نوں جلال دے سکئیے۔ آمین

بس میں کیا جانے والا پانچ پڑاؤ پر مُشتمل سچائی کا سفر"

مسیحی نُقطہ نظر کا جوش، وقار اور شادمانی

جب خُدا واضح نظر آنا شروع ہوگیا تو علمِ الہیات کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔

تیسرا پڑاؤ-انسانیت

ہم اِس وقت سچائی کے اِس سفر میں تیسرے مُقام پر ہیں جس کا عنوان ہے لوگ، انسانیت۔ یہ لفظ یا یہ عنوان خود میں بہت گہرائی کا حامل ہے جس میں ہم نے لوگوں خاندانوں اور اپنے مُعاشرے کے بارے میں بات چیت کی ہے۔ اور کُچھ حصہ اسرائیلی تاریخ کا بھی ہم نے دیکھا ہے جو کہ اِس عنوان کے تعلُق سے سیکھنے کے لئے مِثالوں سے بھری پڑی ہے۔ لیکن اِس پر مزید بات چیت کرنے سے پہلے آئیں ہم اپنے خُدا کے حضور میں حاضر ہوتے ہیں اور اُس سے آج کے اِس حصے کے لئے بھی مدد مانگتے ہیں۔ آئیے ہم دُعا کریں:

خُداوند ہمارے آسمانی خُدا ہم تیرے بڑے پیار کے لئے تیرا شُکر کرتے ہیں اور شُکر کرتے ہیں کہ تُو اپنے گہرے بھیدوں کو ہم پر آشکارا کرتا ہے۔ تیرے پاک کلام کے لئے تیرا شُکر کرتے ہیں جِسے تُو نے ایک کامل کتاب کی صورت میں ہمیں عطا کیا ہے تا کہ ہم اپنی راہنمائی کے لئے بھٹکتے نہ پھریں۔ ہم تیرے شُکر گزار ہیں کہ تُو ہم سے خُوش ہوتا ہے اور ہمارے لئے شادمان ہوتا ہے ہم منت کرتے ہیں کہ تُو ہماری راہنمائی کر کہ ہم ہمیشہ تیری خُوشی اور

شادمانی کے لئے کوشاں رہیں۔ ہم تیری تخلیق کے لئے اور اِس خوبصورت تعلُق کے لئے تیرا شُکر کرتے ہیں جو تُو ہم انسانوں کو اپنے بیٹے اور بیٹیاں بناتے ہوئے ہمارے ساتھ رکھتا ہے۔ ہم منت کرتے ہیں کہ ہماری آنکھوں کو کھول تا کہ ہم تیری قدُرت کو واضح اپنی زندگیوں میں کام کرتے ہوئے دیکھیں۔ ہماری مدد کر کہ ہم اپنے روحانی تعلُقات کو تیرے ساتھ بہتر کر سکیں، ہم اپنے ساتھی انسانوں کے ساتھ تیرے پیار کو بانٹ سکیں اور ہم اِس موقع کو سنجیدگی کے ساتھ لیں اور سیکھتے ہوئے تجُھ میں سے کامل شادمانی پاتے ہوئے تیرا شُکر کریں اور تیرے بیٹے کو عزت اور جلال دیں۔ اُس کے پاک نام کو عزت اور جلال دینے کی خاطر یہ سب کچُھ تجُھ سے مانگتے ہیں۔ آمین

ہم نے سچائی کو جاننے کے لئے اِس سفر کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا تھا اور آپ کو یاد ہو گا کہ سب سے پہلے ہم نے خُدا کے بارے میں سیکھا اور کلامِ مُقدس کی راہنمائی میں خُدا کی شبیہ کو جاننے کی کوشش کہ اور یہ بھی کہ وہ کیا پسند کرتا ہے کون سی باتوں میں وہ خُوشی محسوس کرتا ہے اور کیا کیا ہے جو اُسے پسند نہیں ہے۔ کون سی باتیں ہیں جن کے بارے میں وہ واقعی خیال کرتا اور سوچتا ہے۔ اور یہ بھی کہ وہ خُوشی مناتا ہے، وہ شادمان ہوتا ہے وہ ہماری نجات کو دیکھ کر خُوش ہوتا ہے، وہ مُنصف خُدا لیکن وہ رحم کرنے کو ترجیح دیتا ہے۔ وہ کِسی کی ہلاکت نہیں چاہتا ہے بلکہ چاہتا ہے کہ سب نجات حاصل کریں۔ ۔۔۔اور اِس طرح سے بہت سی باتوں پر ہم نے غور کرنے کی کوشش کی تھی۔ اور پھر اِس کے بعد ہم نے

کائنات کے بارے میں سوچ بچار کیا اور اِس کے بارے میں جاننے کی کوشش اور دیکھا کہ کِس طرح سے خُدا کے روح نے اِسے تخلیق کرنے میں اپنا کردار ادا کیا تھا۔ اور پھر یہ کہ کِس طرح سے ہم اِس میں چھوٹی بڑی تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں اور اپنے دُنیاوی مقاصد کے لئے اِس میں ترمیم کرتے ہیں جو کہ محدود ہوتی ہے، لیکن بعض اوقات ایسا کرنے سے ہم بہت سے مسائل کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔

اِس کے بعد ہم نے اِس کائنات میں رہنے والے لوگوں کی بابت بات چیت کا آغاز کیا تھا اور ہم نے جانا تھا کہ انسانیت کو ایک تثلیث کی مانند تخلیق کیا گیا تھا۔ ہماری اشکال ایک دوسرے سے مماثلت رکھتیں ہیں لیکن ہم ایک دوسرے سے بہت زیادہ مختلف شخصیات کے حامل ہیں۔ ہمارے خیالات کِسی حد تک تو ایک دوسرے کے خیالات کے ساتھ مُتفق ہوتے ہیں لیکن ہم شخصی طور پر ایک بُنیادی فرق اپنے اندر رکھتے ہیں۔ ہمارے رویّوں میں ایک دوسرے کی نسبت بہت زیادہ تضاد پایا جاتا ہے، ہم بچوں، بڑوں اور بوڑھوں کی عادات میں تفریق پائی جاتی ہے۔ گھر اور خاندان میں پایا جانے والے اور پروان چڑھنے والے رویّوں اور سکولوں اور درس گاہوں میں ترقی پانے والے خیالات اور رویّوں میں بہت تضاد پایا جاتا ہے۔ خُدا نے ہمیں اِس طرح سے خلق کیا ہے کہ ہم اپنی تمام باتوں میں اور تمام کاموں میں اچھے اور بُرے کی تمیز خود کر سکیں۔ ہم اپنے آپ کی بہتری کے لئے وہ فیصلہ کر سکیں جو ہمارے لئے مُفید ثابت ہو۔ اور اِس طرح سے ہم نے مزید بہت سی باتوں کے بارے میں

بات کی جیسے کہ ہم نے کُچھ وقت روح کے پھلوں کے بارے میں سیکھتے ہوئے گُزارا تھا اور جانا تھا کہ یہ اِس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ خُدا کا روح کِسی انسان کی اندر بسا ہوا ہے۔ اور ابھی ہم آگے بڑھتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ ہم نے گُزشتہ حصے میں کہاں سے اختتام کیا تھا وہیں سے شروع کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ ایک چھوٹے بچے میں کِس طرح سے پہچاننے کا عمل پروان چڑھتا ہے۔ ہم نے اِس کے لئے ایک چھوٹے بچے کی مثال بھی پیش کی تھی۔ یاد رکھیں کہ بچوں میں تین سال کی عُمر میں ایک روایتی نفسیات تعمیر ہوتی ہے جو کہ اُن کی فطرت کا ایک حصہ ہوتی ہے۔ اور وہ ایسا کرنے کے لئے کِسی کے ذہن یا خیالات کا موازنہ نہیں کرتے ہیں بلکہ اِس کا انحصار صرف ظاہری وضع پر ہی ہوتا ہے۔ لیکن جیسے جیسے ہم بڑے ہوتے جاتے ہیں ہمارے دوسروں کو پہچاننے کے معیار میں تبدیلی ہوتی جاتی ہے اور ہم ایک الگ طرح سے دوسرے کے بارے میں خیال کرتے ہیں۔ انسان ہوتے ہوئے ہم بہت سے چیزوں کا مجموعہ ہوتے ہیں جن میں سے ایک واضح اور مثبت چیز جس پر ہم غور کرتے ہیں وہ ہے شراکت یا باہمی اتفاق۔

ہم پہلے بات کر چُکے ہیں کہ ہمیں زندگی گُزارنے کے لئے ایک دوسرے کی ضرورت ہوتی ہے ہم ایکدوسرے پر انحصار کرتے ہیں۔ اور ایک خاص بات کہ ہم اچھے یا بُرے طور پر ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ آئیے ہم کُچھ حوالہ جات کا مُطالعہ کرنے کے لئے کلامِ مُقدس میں سے راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ متی کی انجیل ۱۸ باب کی ٦ آیت میں یوں لِکھا ہوا ہے

لیکن جو کوئی اِن چھوٹوں میں سے جو مُجھ پر ایمان لائے ہیں کِسی کو ٹھوکر کھِلاتا ہے تو اُس کے لئے یہ بہتر ہے کہ بڑی چکی کا پاٹ اُسکے گلے میں لٹکایا جائے اور وہ گہرے سُمندر میں ڈبودیا جائے۔

اور پھر رومیوں ۱۴ باب کی ۲۰ آیت کہ کھانے کی خاطر خُدا کے کلام کو نہ بگاڑ۔ہر چیز پاک تو ہے مگر اُس آدمی کے لئے بُری ہے جس کو اُس کے کھانے سے ٹھوکر لگتی ہے۔ اور اِس کے ساتھ ہی یعقوب ۵ باب کی ۱۹ آیت کو بھی دیکھ لیتے ہیں جہاں پر لِکھا ہوا ہے کہ اے میرے بھائیو! اگر تُم میں سے کوئی راہِ حق سے گُمراہ ہوجائے اور کوئی اُس کو پھیر لائے تو وہ یہ جان لے کہ جو کوئی کِسی گُنہگار کو اُسکی گُمراہی سے پھیر لائیگا وہ ایک جان کو موت سے بچائیگا اور بہت سے گُناہوں پر پردہ ڈالیگا۔ اِس طرح سے ہم ایکدوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کے لئے بھلائی یا بُرائی کا سبب بنتے ہیں۔ لیکن ضروری ہے کہ ہم ایکدوسرے کے لئے بھلائی کا سبب بنیں۔ آئیے مزید کلامِ مُقدس میں سے غور کرتے ہیں کہ ہمیں کِس طرح سے ایکدوسرے کے لئے بھلائی کا سبب بننا چاہئیے۔ ا تھسلنیکوں ۵ باب کی ۱۱ آیت میں لِکھا ہوا ہے کہ پس تُم ایکدوسرے کو تسلی دو اور ایک دوسرے کی ترقی کا باعث بنو۔چُناچہ تُم ایسا کرتے بھی ہو۔ خُدا کا کلام ہماری راہنمائی کرتے ہوئے بیان کرتا ہے کہ ہم پر ایکدوسرے کے لئے بہت سی ذمہ داریاں عائد ہیں۔ اِسی لئے گلتیوں ۶ باب کی ۱۰ آیت کے مُطابق جہاں پر یوں لِکھا ہوا ہے کہ جہاں تک موقع مِلے سب کے ساتھ نیکی کریں خاص کر اہلِ ایمان کے

ساتھ، یہ اقتباس ہماری ہدایت کے لئے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ اور پھر اگر ہم رومیوں ۱۳ باب کی ۸ آیت کو دیکھیں تو وہاں پر ہمیں یوں مِلتا ہے کہ آپس کی محبت کے سوا کِسی چیز میں کِسی کے قرضدار نہ ہو کیونکہ جو دوسرے سے محبت رکھتا ہے اُس نے شریعت پر پُورا عمل کیا۔ کِتنی خوبصور آیت ہے۔

ہمیں کام کرنے کے لئے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم کِتنے بھی قابل ہوں لیکن ہم ایک ہی وقت میں بہت سے مختلف قسم کے کاموں کو سر انجام نہیں دے سکتے ہیں۔ اِس لئے ہم ایکدوسرے پر منحصر ہوتے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں کہ ہم بہت زیادہ اختیارات اور حقوق کے حامل نہیں ہوتے ہیں ۔ اور پھر رومیوں ۹ باب کی ۲۰ اور ۲۱ آیت کا بھی مُطالعہ کریں جہاں پر لِکھا ہوا ہے کہ اے انسان بھلا تُو کون ہے جو خُدا کے سامنے جواب دیتا ہے؟ کیا بنی ہوئی چیز بنانے والے سے کہہ سکتی ہے کہ تُو نے مُجھے کیوں ایسا بنایا؟ کیا کُمہار کو مٹی پر اختیار نہیں کہ ایک ہی لوندے میں سے ایک برتن عزت کے لئے بنائے اور دوسرا بے عزتی کے لئے؟ سوال یہ ہے کہ خُدا کِس بات میں ہمارا دینندار ہے؟ ہم اُس کی عدالت میں کیا حقوق رکھتے ہیں۔ ہم دیوتا نہیں ہیں، ہم انسان ہیں جو اپنی زندگیوں اور اپنی تمام فکروں کی بابت اپنے خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ لوقا ۱۲ باب کی ۲۵ اور ۲۶ آیت میں لِکھا ہوا ہے کہ تُم میں ایسا کون ہے جو فکر کر کے اپنی عُمر میں ایک گھڑی بڑھا سکے۔ پس جب سب سے چھوٹی بات بھی نہیں کر سکتے تو باقی چیزوں کی فکر کیوں کرتے ہو؟ اور پھر زبور نویس زبور ۲۲ کی ۲۹ آیت

میں بیان کرتا ہے کہ دُنیا کے سب آسودہ حال لوگ کھائیں گے اور سِجدہ کریں گے۔ وہ سب جو خاک میں مِل جاتے ہیں اُس کے حضور جھُکیں گے۔ بلکہ وہ جو اپنی جان کو جیتا نہیں رکھ سکتا۔

ہم بہت سی باتوں اور بہت سے خاندانی، مُعاشرتی، سماجی، کاروباری، تفریحی تعلُقات میں ایک دوسرے سے مُنسلک ہیں ،ایکدوسرے کے ساتھ جُڑے ہوئے ہیں۔ اور ہمیں اپنے بہت سے معمولاتِ زندگی سرانجام دینے کے لئے دوسروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہمیں بُنیادی طور پر اِس طرح سے خلق کیا گیا ہے کہ ہم اپنے ارد گرد کے لوگوں کے ساتھ اپنے تعلُقات کو وسیع کرتے ہیں اور لوگوں سے ملنا پسند کرتے ہیں۔ ہم دوسروں کو اپنی ضروریات کے تحت اپنے کاموں میں خُوشی کے ساتھ شامل کرتے ہیں اور اُن کے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔ یہ ایک فطری بات بُنیادی طور پر ہمارے اندر پائی جاتی ہے۔ لیکن ایسا کرتے ہوئے ہم بالکُل بھی اپنا کامل بھروسہ کِسی انسان، کِسی دوست یا کِسی شخص پر نہیں رکھتے ہیں۔ کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو ہم خُدا پر اپنا بھروسہ نہ رکھ سکتے تھے۔ کوئی انسان خُدا سے بڑھ کر بھروسے اور توکل کے لائق نہیں ہے۔ اور جِس طرح سے ہم لیورج یا بیرم کے بارے میں بات کر رہے تھے تو یاد رکھیں کہ یہ ہمارے مُعاشرے کی تخلیق ہے۔ میں اِس کے بارے میں بات کرتے ہوئے بنی اسرائیل کی تاریخ کو سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ ہم جانتے ہیں کہ ابراہام کے پاس جانوروں کے گلے تھے اور وہ خاندانی طور پر ایک مُعزز اہمیت کا حامل تھا لیکن خُدا اُس کے دل کو پسند کرتا

تھا۔ سو ابراہام کو خُدا نے چُنا اور اُس کے ساتھ اپنا عہد قائم کیا اور پھر اُسے برکت دیتے ہوئے اُس نے اُس کی اولاد کو بڑھایا اور اُنہیں زمین کی سب قوموں سے زیادہ برکت دی اور خُود اُن سے پیار کرتے ہوئے اُنکی راہنمائی بھی کی۔ وہ اُنہیں مصر میں لے گیا جہاں پر چار سو برسوں تک اُنہیں وہاں کے سب سے اچھے علاقے میں رکھا اور وہاں بھی اُن کے ساتھ رہتے ہوئے اُس نے اُنہیں برکت دی۔ اور پھر چار سو سالوں کے بعد وہ اُنہیں وہاں سے ایک بڑے گروہ کی شکل میں نکال لے گیا اور چالیس برس تک اُنہیں ساتھ لے کر چلتا رہا اور اُنہیں اُس سر زمین میں پہنچایا جس کا اُس نے اُن کے ساتھ وعدہ کیا تھا۔ اِس دوران میں اُس نے اُنہیں بڑے سمندر بحرِ قُلزم اور دریائے یردن میں سے گُزارا اور وہ اُس کی قُدرت کی عظمت کو پہچانتے گئے۔ اُس نے اُنکی خاطر پانی کو ہٹا دیا اور وہ اپنے سارے مال و اسباب کے ساتھ بحفاظت خُشکی پر گُزر گئے۔ اور وہ اُس مُلک فلسطین میں پہنچ گئے جس کا وعدہ خُداوند اُن کے خُدا نے اُنکے باپ ابراہام کے ساتھ کیا تھا۔ جیسے ہی وہ اِس راستے میں تھے تو خُدا نے اپنے بندہ موسیٰ کو اُس مُلک کو جو وہ اُنہیں دینے کو تھا پہلے سے ہی دِکھا دیا تھا۔ خُدا نے اُس مُلک پر اُنہیں قابض کیا اور اُنہیں اپنے قوانین و احکامات عطا کئے اور اُنہیں اُن پر عمل کرنے کی ہدایت بھی دی۔ لیکن جب کبھی اُنہوں نے فرمانبرداری سے غفلت کی تو اُس نے اُنہیں تنبیہ بھی کی۔ جس کے نتیجے میں اکثر اوقات اُنہیں مختلف لوگوں کے ہاتھوں قید بھی ہونا پڑا اور ہم پُرانے عہد نامے میں سے دیکھتے ہیں کہ کئی بار اُنہیں مختلف قوموں کی غُلامی

میں کُچھ عرصہ گُزارنا پڑا تھا۔ لیکن پھر جب وہ اپنے کئے پر پچھتاتے تو خُدا اُنہیں رہائی دیتا تھا اور اُنہیں واپس اُنکے مُلک میں لے آتا تھا۔ اُس نے انہیں اپنے تمام احکامات اپنے بندے موسیٰ کی معرفت تفصیل کے ساتھ عطا کئے تھے اور اُس نے اُنہیں بہترین زندگی گُزارنے کے تمام اداب بتائے اوراُنہیں اپنی شریعت دی۔ اور واضح طور پر اُنہیں بتایا کہ اُنہیں کیا کیا کرنا چاہئیے اور کیا کیا نہیں کرنا چاہئیے۔ اُس نے تمام باتوں کو تفصیلی طور پر بیان کیا کہ اُنہیں اپنے ہمسائیوں کی ساتھ کیسا سلوک کرنا ہے، اپنے غُلاموں کے ساتھ کِس طرح پیش آنا ہے اور کِس طرح سے دوسروں کے ساتھ اپنے تعلُقات کو بہتر اور برقرار رکھنا ہے۔ اور اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو وہ خُدا کی حُکم عدولی کرتے ہوئے اُس کے خلاف گُناہ کرتے ہیں۔ اُس نے اُنہیں اُنکے گُناہوں کے فدیے کے بارے میں بھی احکامات دئیے کہ کِس طرح سے اُنہیں خُداوند اپنے خُدا کے حضور میں راستبازی کے ساتھ چلنا ہے اور اُن تمام باتوں کا خیال رکھنا ہے جنہیں خُدا پسند کرتا ہے۔ اُس نے اُنہیں باقاعدہ قُربانی کی بابت تفصیلات فراہم کیں۔ اُس نے اُن میں سماجی انصاف کو اہمیت دی کیونکہ وہ خُدا مُنصف خُدا ہے اور وہ انصاف کو پسند کرتا ہے۔ اُس نے اپنی قوم کو انصاف مُہیا کرنے کے لئے اُن پر مختلف لوگوں کو مُقرر کیا جو کہ خُدا کا خوف اپنے دل میں رکھتے ہوئے خُدا کی طرف سے لوگوں کو انصاف مُہیا کرتے تھے۔ پُرانے عہد نامے میں ہم اُنہیں قاضیوں کے طور پر جانتے ہیں۔ اور پھر خُدا نے اُنہیں مختلف لوگوں کی جانب سے راہنمائی اور اپنے احکامات پہنچانا شروع کئے جنہیں ہم نبیوں کے

طور پر جانتے ہیں۔ اور ہم جانتے ہیں کہ جو خُدا کے احکامات پر کان لگاتے تھے وہ اُنہیں پسند کرتا تھا اور اُنہیں اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے استعمال میں لاتا تھا۔ اور اگر اُس کے لوگ اُس کی راہوں سے پھر جاتے تھے تو وہ اُنہیں سزا کے طور پر مختلف مصائب اور تکالیف دیتے ہوئے اُنہیں توبہ کی جانب راغب کرتا تھا۔

اگر ہم ایک انسانی طریقے کار پر غور کریں تو دیکھیں گے کہ میں آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں میں آپ سے کہتا ہوں کہ میرا نام یہ ہے، میں یہ یہ چاہتا ہوں، میں آپ سے اِن چند باتوں کی توقع کرتا ہوں اور اگر آپ میری بات کی طرف توجہ نہیں دیتے ہیں تو مُمکن ہے کہ میں کُچھ اونچی آواز میں بات کروں۔ خُدا نے بہت سے لوگوں کو اپنے نبیوں کے طور پر استعمال کیا اُن میں سے ۸۰ فیصد ایسے تھے جنہیں اُس نے اپنے لوگوں کی موجودہ صورتِ حال کے لئے اور گُزرے ہوئے وقت کو اُنکی راہنمائی کے لئے بتانے کے لئے استعمال کیا اور ۲۰ فیصد وہ لوگ تھے جنہیں آنے والے وقت کے حوالے سے پیشنگوئیوں کی صورت میں استعمال کیا تھا۔ ہم عام طور پر یہ سوچتے ہیں کہ بنی وہ سب کُچھ بیان کرنے کے قابل ہوتے ہیں جو کہ واقع ہونے کو ہوتا ہے۔ لیکن یاد رکھیں کہ کِسی بھی شخص کے لئے کوئی پیش نگوئی کر دینا اِتنا آسان کام نہیں ہے۔ صرف وہ شخص جو خُدا کے ساتھ انتہائی قریبی تعلُقات کا حامل ہو وہی ایسی باتوں کو خُدا کی جانب سے انسانوں پر ظاہر کر سکتا ہے جو کہ پیشنگوئی کہلاتا ہے۔ جِس

میں کسی بھی اہم بات یا رونما ہونے والے اہم کام کے لئے خُدا کے منصوبے کو پیشگی ظاہر کیا جاتا ہے۔

کلامِ مُقدس میں لِکھا ہے کہ خُداوند اپنے خُدا کے حضور حلیمی کے ساتھ چلیں اور دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کریں اور اِس بات کا خاص طور پر خیال رکھیں کہ یہ تمام برکات آپ کو خُداوند آپ کے خُدا کی جانب سے مِلیں ہیں اور یہ بھی کہ اِس دُنیا کے ہمشکل نہ بنو۔ لیکن اگر ہم اسرائیلی تاریخ پر غور کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں پر اکثر حالات کُچھ فرق نوعیت اختیار کر لیتے تھے۔ خُدا نے اُن کے درمیان مختلف اوقات میں مختلف لوگوں کو کھڑا کیا کہ وہ اُسکی قوم کی راہنمائی کریں۔ اُس نے اپنے نبیوں کو اُن کے پاس بھیجا جنہوں نے اِس بات کو لوگوں پر واضح کیا کی وہ کون کون سے کام ہیں جن وہ راست نہیں ہیں اور کون کون کی باتیں ہیں جن میں اُنہیں راستی کے ساتھ چلنے کی ضرورت ہے۔ اور خُدا نے اُنہیں ایکدوسرے کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی شریعت بھی عطا کی تھی اور کہا تھا کہ اگر وہ اِس پر قائم رہیں گے تو وہ کبھی بھی اپنے کِسی کام میں ناکام نہیں ہونگے۔ اُس نے اپنے تمام احکامات اُنہیں تفصیل کے ساتھ اپنے بندوں کی معرفت عطا کئے تھے اور وہ جانتے تھے کہ اگر وہ اِن پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگیاں اِن کے مُطابق گُذاریں گے تو اُنکا خُدا یقیناً اُن سے بہت زیادہ خُوش ہوگا۔ اور ہم جانتے ہیں کہ جب داؤد ساؤل کی وجہ سے بھاگ رہا تھا تو وہ ایک ایسی جگہ پہنچا جہاں پر سے اُسے مُقدس روٹیاں مِلیں اور پھر نئے عہد نامے میں ہم یسوع مسیح کی زمینی

زندگی میں اِس پاک روٹی کو دیکھتے ہیں۔ خُداوند کے کلام میں لِکھا ہے کہ سبت انسان کے لئے ہے نہ کہ انسان سبت کے لئے۔ سبت کے بارے میں ہمیں بہت سی باتوں کا ذکر ابتدائی حوالوں میں تفصیل کے ساتھ مِلتا ہے کہ اِس میں کوئی کام نہیں کیا جاسکتا تھا اور یہاں تک کہ آپ کے غُلاموں کے لئے بھی آرام ضروری ہوتا تھا کِسی شخص کو کام کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ خُدا اُنکی راہنمائی کرتے ہوئے اُنہیں سِکھا رہا تھا کہ وہ مصر میں سے غُلامی کی حالت میں سے نکلے تھے اور اُنہیں کبھی بھی اپنے غُلاموں کی بابت اِن باتوں کو بھول نہیں جانا چاہئیے۔

لیکن اگر آپ مزید نبیوں کے بارے میں جاننے کی کوشش کریں جو پُرانے عہد نامے کی بہت سی کتابوں میں سے دیکھے جاسکتے ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ خُدا اُن کی معرفت اپنے آنے والے وقت کی بابت بہت کُچھ عیاں کرتا ہے۔

اگر ہم بائبل میں سے غور کریں تو ہم بہت سے انبیا کو دیکھ سکتے ہیں جنہیں خُدا نے اپنے مقاصد کو پُورا کرنے کے لئے استعمال کیا تھا۔ ہم دیکھ سکتے ہیں یوایل،عاموس، ذکریاہ، ملاکی اور کئی دوسرے انبیا ہیں۔ خُدا نے اُن کے ذریعے اپنے لوگوں کے آگاہ کیا کیونکہ وہ بھول گئے تھے کہ وہ بھی مصر میں غُلام تھے لیکن اُنھوں اِن تمام باتوں کو پس پُشت ڈالتے ہوئے غُلاموں کو خریدنا شروع کر دیا تھا اور وہ اُن کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کرتے تھے۔ خُدا نے حُکم دیا تھا کہ ایک مخصوص مُقررہ مُدت کے بعد اُسے آزاد کر دینا لیکن وہ ایسا نہیں کرتے

تھے۔ اور اِس طرح کی بہت سی باتیں جن کی بابت خُدا نے اُنہیں اپنی شریعت اور مختلف انبیا کی معرفت آگاہ کیا تھا اُنھوں کان نہ دھرا اور اُس کے پاک کلام کو حقیر جانا۔ اور وہ اپنے آپ کو بڑھانے اور اپنی حدود میں وسعت کے خواہشمند تھے اور اِس خیال کے تحت اُنھوں نے اپنی آبادیوں کو بڑھایا اور تعمیر و ترقی کے کام کی جانب متوجہ ہوگئے۔ آج کی ہماری درس گاہوں اور مذہبی تعلیماتی اداروں کی تاریخ اُس وقت کے ساتھ تعلُق رکھتی ہے۔

اُس وقت جب بھی کوئی شخص بادشاہ بنتا تھا تو وہ اپنے لئے نبیوں کو چُنتا تھا وہ اپنے شاہی مقاصد کے لئے نبیوں سے راہنمائی طلب کیا کرتا تھا۔ اور اِس طرح سے کِسی بھی شاہی محل میں نبی ایک مُعزز اور لازم اہمیت رکھتا تھا۔ لیکن یہ اِس بات کی ضمانت نہیں ہوتا تھا کہ اُس میں خُدا کا روح موجود ہے جو اُس پر بھید کی باتیں آشکارا کرتا ہے۔ بلکہ عام طور پر جن لوگوں کو وقت کے بادشاہ اپنے لئے نبی مُقرر کرتے تھے وہ اپنا زیادہ تر وقت بادشاہ کی خُوشنودی اور اُس کے مطلب کی باتیں کرنے میں گُزارتے تھے۔ اور اُنہیں ایسا کرنے کے لئے پیسے مِلتے تھے۔ وہ بہت سے سیاسی اور نجی مُعاملات میں بادشاہ کو اپنے فہم کے مُطابق رائے دیتے تھے۔ لیکن یاد رکھیں کہ جن لوگوں کو خُدا نے چُنا اور اپنے لئے الگ کیا کہ وہ اُس کی قوم بنی اسرائیل کو اُسے احکام اور منصوبہ جات سے آگاہ کریں اُن میں سے کوئی بھی اِس فہرست میں شامل نہیں ہوتا تھا۔ وہ خُدا کے چُنے ہوئے تھے اور وہی بات کرتے تھے جو خُدا کی طرف سے اُن تک پہنچتی تھی۔ وہ عام لوگوں سے ہٹ کر تھے، وہ خُدا کے وفادار تھے اور وہی تھے

جنہیں خُدا نے اپنے پاک کلام کو ایک کتاب کی شکل دینے کے لئے استعمال کیا تھا۔ اُنہوں نے بہت زیادہ سچائی کے ساتھ اِس کلام کو خالص انداز میں تحریر کیا اور خُدا کے روح کی ہدایت میں اِسے محفوظ کیا تھا۔ ہم اِن کی بابت پاک کلام میں سے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ خُدا نے اُس شاہی نبیوں یا اُس نام نہاد نبیوں میں سے کِسی کو اِس کام کے لئے استعمال نہیں کیا بلکہ اُس نے اُنہیں چُنا جنہیں وہ پسند کرتا تھا اور جن کے ساتھ وہ اپنی راز کی باتوں کو بانٹ لیتا تھا۔ اور ہم میں سے بہت سے لوگ جانتے ہوں گے کہ اُن میں سے بہت سے ایسے تھے جنہیں قتل کر دیا گیا تھا۔ جنہیں بادشاہوں کے ہاتھوں اذیتوں اور مُصائب کا سامنا کرنا پڑا اور بہت سے ایسے ہیں جنہیں اُس دور کے حاکموں قتل کروا دیا تھا۔ اُن میں سے بہت سے انبیا نے مسیح یسوع کے بارے میں بہت کُچھ پیشنگوئیوں کی شکل میں پہلے سے ہی بتا دیا تھا۔ اُنہوں نے اُس کی پیدائش اور موت کے بارے میں بہت سی باتوں کو اپنے صحائف میں تحریر کیا تھا جو کہ یسوع مسیح کے ذریعے اُسی طرح سے وقوع پذیر ہوئیں تھیں۔ اور ہم جانے ہیں کہ یسوع مسیح کو بھی مذہبی عہداداروں کی سازش سے ہی پکڑوایا اور صلیب دیا گیا تھا۔ یسوع مسیح اِن تمام باتوں سے آگاہ تھا اور جانتا تھا کہ اب کیا ہونے والا ہے اِس لئے اپنے پکڑوائے جانے سے ایک ہفتہ پہلے وہ اپنے شاگردوں سے کہتا ہے کہ آؤ ہم یروشلیم کو چلیں کیونکہ یہ مُمکن نہیں کہ نبی یروشلیم سے باہر ہلاک ہو۔ کیونکہ اُس کے حق میں خُدا نے اپنے انبیا پر ظاہر کیا تھا کہ اُسے یروشلیم میں سے پکڑوایا جانا تھا اور بالکُل ایسا ہی ہوا تھا۔ خُداوند

یسوع مسیح اِس خُدا کی مرضی کو جانتے ہوئے اُس عملی طور پر پورا کرنے کے لئے یروشلیم کا رُخ کرتے ہیں۔ اور ایسا کرتے ہوئے وہ اُس وقت کے شرع کے عالموں اور اُن لوگوں کے لئے آسانی پیدا کرتے ہیں جو اُسے پکڑوانا اور صلیب دینا چاہتے ہیں۔ اور یوں حیرت انگیز طور پر خُدا کا انسان کی نجات کا منصوبہ اُس کے بیٹے یسوع مسیح کے ذریعے سے اُسکی مرضی کے مُطابق پُورا ہوتا ہے۔ ہم چونکہ انبیا اکرام کے سلسے میں بات چیت کررہے ہیں تو میں آپ کو بتات چلوں کہ پُرانے عہد نامے میں کُچھ مُقامات پر ہمیں کُچھ خواتین کا ذکر بھی مِلتا ہے جنہوں نے نبوت کی خدمات کو سر انجام دیا تھا۔ لیکن کُچھ خواتین کاذکر اچھے الفاظ میں نہیں ہے کیونکہ اُنہیں خُدا نے نہیں چُنا تھا لیکن ہم جانتے ہیں کہ اسرائیل میں ایک نبیہ تھی جو لوگوں کا انصاف بھی کیا کرتی تھی۔ اُسے خُدا نے اپنے لوگوں کی راہنمائی کے لئے مُقرر کیا تھا۔ لیکن بہت سے دوسرے مُقامات پر کُچھ خواتین کے بارے میں مرقوم ہے جو خُود کو خُدا کے لئے الگ کیا ہوا تصور کرتی تھیں لیکن حقیقت اِس کے برعکس تھی۔ لیکن خُدا کا کلام جب کِسی پر ظاہر ہوتا تھا تو خُدا اپنی قوم میں پیدا ہو جانے والیاں بُرائیوں کی نشاندہی کرتا ہے اور وہ پیشگی بتا دیتا ہے کہ اگر تُم رجوع نہیں لاو گے تو تُم مرو گے۔ لیکن اگر اُس کے لوگ رجوع لاتے تھے تو وہ اُنہیں مُعاف کر دیتا تھا اور اُنہیں اپنے حضور میں قبول کر لیتا تھا۔ لیکن جو لوگ خود کو نبی تصور کرتے تھے اور حقیقت میں نبوت کا اُن کی زندگیوں کے ساتھ کوئی تعلُق نہیں ہوتا تھا وہ صرف موت اور سزا کی بابت ہی بات کرتے تھے۔ لیکن جیسا کہ ہم نے

تفصیل کے ساتھ سیکھا تھا کہ خُدا رحم کرنا پسند کرتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اُس کے لوگ اپنے گُناہوں کی مُعافی مانگیں اور خُدا سے رحم کے لئے التجا کریں اور خُدا رحم کرنے پر قادر ہے وہ ضرور مُعاف کرے گا۔ اگر ہم پُرانے عہد نامے کی تاریخ کا مُطالعہ کریں تو ہم دیکھتے ہیں خُدا نے ہر طرح کے لوگوں میں اپنے نبیوں کو بھیجا چاہے اُن کا تعلُق کِسی بھی قوم، گروہ، طبقے یا خطے سے ہو۔ خُدا کی نجات کا کام صرف ایک قوم یا صرف ایک مُلک تک ہی محدو نہیں تھا بلکہ اُس نے ساری کائنات کو اپنے نجات کے عظیم منصوبے میں شامل کیا تھا۔ وہ کِسی کی بھی ہلاکت نہیں چاہتا ہے وہ نہیں چاہتا ہے کہ کِسی بھی قوم یا گروہ یا خطے سے تعلُق رکھنے والا کوئی بھی شخص ہلاک ہو۔ بلکہ وہ چاہتا ہے کہ سب کی توبہ تک نوبت پہنچے اور سب ہی خُدا کی نجات کو حاصل کریں اور ایمان لائیں۔ خُدا نے ہر دور میں ہر ایک طبقہ سے تعلُق رکھنے والے لوگوں اُمرا، غُربا، مرد، خواتین، غیر اقوام، بوڑھوں بچوں سبھی کے لئے اپنے لوگوں کو ہدایت و راہنمائی کے لئے بھیجا تھا۔ اور بعض اوقات لوگ اُن کی باتوں کو سُن کر خاکسار بنتے اور ایمان لے آتے تھے لیکن کُچھ مُقامات پر لوگ خُدا کے بھیجے ہوئے پیغام کو نظر انداز کرتے تھے اور اُس کے غضب کا شکار ہوتے تھے۔ ہمارے لئے سِکھنے کی بات ہے کہ جب بھی خُدا کا کلام ہمیں تنبیہ کرے ضرور ہے کہ ہم رجوع لائیں اور اُس کی آواز کو سُنیں۔ ہم سب اپنے تمام کاموں کے لئے ذاتی طور پر ذمہ دار ہیں ہمیں کبھی بھی کِسی بھی کام کے لئے لوگوں کی جانب دیکھنے کی یا اُن کی نقل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ ہمیشہ سچائی کو اپنی ذاتی کوشش سے

جانے کی جدو جہد کریں۔ اور یاد رکھیں کہ جو کُچھ بھی آپ کرتے ہیں آپ کو اُس کا حساب دینا پڑے گا۔ اِس لئے اُس کی آواز کو سُننے کے لئے ہمیشہ خُود کو تیار رکھیں اور غور سے سُنیں کہ وہ کیا کہتا ہے وہ ہم سے کیا چاہتا ہے اور اُس کی خوشی کِس بات میں ہے۔ جب ہم اُس کی مرضی کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں اور اُسے اپنی زندگیوں میں عملی طور پر اپناتے ہیں تو ہم اُس کی جانب سے جاری ہونے والی برکات کے حقدار ہو جاتے ہیں۔ وہ ہر لحاظ سے ہمیں آسودہ کرتا ہے اور ہمیں اپنی پناہ میں محفوظ رکھتا ہے ۔ اگر ہر کوئی سیدھی راہ پر چلے اور وہی کام کرے جو اُسے پسند ہوں تو اُس کے لئے خُدا کے تمام وعدے جو اُس نے اپنے لوگوں کے ساتھ کئے ہیں ہاں کے ساتھ سچ ثابت ہونگے۔ لیکن اِس کے برعکس جب ہم ایسا نہیں کرتے ہیں تو حالات کُچھ مختلف ہوتے ہیں۔ لوگ جب خُدا کی نافرمانی کرتے ہیں تو وہ اُس سے الگ ہو جاتے ہیں اور خُدا مزید اُن کی درمیان سکونت نہیں کرتا ہے۔ اور اِس کا اثر بہت بُری طرح سے ہماری زندگی کے ہر ایک پہلو میں نمایاں ہو جاتا ہے۔ اُس کی برکات جو اُس کی موجودگی کی بدولت ہماری زندگیوں میں شامل تھیں وہ اُٹھ جاتیں ہیں۔ لیکن تو بھی خُدا انتظار کرتا ہے کہ اُس کے لوگ اُس کی طرف رجوع لائیں اور اپنے گُناہوں سے توبہ کرتے ہوئے اُس سے مُعاف مانگیں۔ وہ رحم کرنے والا خُدا ہے اور وہ ہمیشہ ناراض نہیں رہتا ہے۔ جب خُدا ہمارے ساتھ رہتا ہے تو ہماری ہر ایک بات اور ہر ایک کام میں اُس کی موجودگی کو محسوس کیا جاسکتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ہم ایک دوسرے کے لئے برکت اور ترقی کا سبب بنیں۔

اُس نے اپنے لوگوں پر بہت سے ایسے قوانین کو ظاہر کیا جنہیں ہم ایک معاشرتی فلاح و بہبود کے تعلُق سے دیکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر خُدا نے اپنے لوگوں کو یہ حُکم دیا تھا کہ جب تُم فصل کو ایک بار کاٹ چُکو اور اپنے گھروں لے آؤ تو دوبارہ اُس کھیت میں سے کُچھ مزید اکٹھا کرنے کے لئے نہ جاؤ بلکہ اُسے غریبوں اور مسکینوں کے لئے چھوڑ دو۔ اِس سے ہم جان سکتے ہیں کہ خُدا کِس قدر فکر کرتا ہے کہ ایک مُعاشرے میں پائے جانے والے سبھی لوگ آسودہ ہوں ۔ وہ عظیم خُدا ہے اور ہمارے مُعاشرتی مُعاملات میں چھوٹی سے چھوٹی باتوں کو اہمیت دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص غریب ہوجاتا اور اُسے ایک گھر، خوراک اور کام کی ضرورت ہوتی تو آپ کو اجازت تھی کی آپ اُسے چھ سال تک اپنے ساتھ ایک خادم کے طور پر رکھ سکتے تھے۔ لیکن آپ کو اِس بات کی بالکُل بھی اجازت نہیں تھی کہ آپ اُس کے ساتھ غُلاموں جیسا برتاؤ کریں۔ آپ اُس کے ساتھ بے رحمی سے پیش نہیں آسکتے تھے۔ وہ آپ کی ملکیت نہیں ہوتا تھا اور اگر آپ اُس پر تشدد کرتے اور اُسے جان سے مار دیتے ہیں تو یاد رکھیں کہ آپ کو اُس کی جان کے بدلے میں اپنی جان دینا پڑے گی۔ خُدا نے اپنی شریعت میں واضح طور پر اِن تمام قوانین کو بیان کیا تھا اور سختی سے اِن پر عمل کرنے کا حُکم دیا تھا۔ اگر ایک اسرائیلی کِسی دوسرے کو کوئی نقصان پہنچاتا تھا تو اُس کے لئے بھی وہی سزا تھی۔ اُس کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جاتی تھی اور کوئی لحاظ نہیں رکھا جاتا تھا کہ وہ کِتنا رئیس ہے یا کِس عہدے پر فائز ہے۔ خُدا کی شریعت ہر ایک کے لئے برابر تھی۔ اور صرف یہاں تک ہی

نہیں بلکہ جب چھ سال پُورے ہوجانے پر کِسی کو آزاد کردیا جاتا تھا تو اُس کے مالک پر لازم ہوتا تھا کہ وہ اُسے خالی ہاتھ نہ بھیجے بلکہ اُس کی ضرورت کے مُطابق اُسے ضرور مُہیا کرے۔اور پھر اگر ہم پُرانے عہد نامے اور بنی اسرائیل کی تاریخ سے واقف ہیں تو ہم جانتے ہونگے کہ وہاں پر ہمیں جوبلی کے سال کا تذکرہ مِلتا ہے کہ خُدا کِس طرح سے اپنے لوگوں کو اپنی شریعت کے تحت مُعافی کا پیغام دیتا ہے۔ وہ یہاں تک کہتا ہے کہ تُم غریبوں کو خوراک اور اجناس دیتے وقت مُنافع کی طرف دھیان نہ دو۔ بلکہ خُدا کا خوف اپنے دلوں میں رکھتے ہوئے اُنہیں جس قدر ہوسکے دیا کرو۔

اگر ہم غور کریں تو ہمیں بہت سی باتیں ایسی مِلتیں ہیں جنکا تعلُق قُربانی کے ساتھ ہے۔ ہمیں بہت سی قُربانیوں کا ذکر یسوع مسیح سے پہلے پہلے تک پُرانے عہد نامے میں سے ملتا ہے جو کہ خُدا کے احکامات کے مُطابق ہوتیں تھیں۔ خُدا نے اُنہیں باقاعدہ قُربانی کرنے کے لئے ایک نظام دیا ہوا تھا جس کے تحت وہ اپنی تمام قُربانیوں کو خُداوند اپنے خُدا کے حضور میں پیش کیا کرتے تھے۔ عام طور پر لوگ ایک بھیڑ کو یا ایک بکرے کو قُربانی کے لئے پیش کرتے تھے لیکن یہاں پر بھی خُدا اپنی قوم کے غُربا کا خیال رکھتا ہے اور اُنہیں سہولت فراہم کرتا ہے کہ اگر وہ ایک بھیڑ کو نہیں خرید سکتے یا بکرے کی قُربانی نہیں کرسکتے ہیں تو وہ ایک فاختہ کی قُربانی بھی پیش کرسکتے ہیں۔ خُدا اُسے بھی اپنے حضور میں قبول فرمائے گا اور اگر اُن میں سے کوئی بہت ہی غریب ہوتا تو وہ کوئی بھی چھوٹی سے چھوٹی چیز خُدا کے حضور میں پیش

کر سکتا تھا جس میں اُس کی عاجزی شامل ہو۔ اِن تمام باتوں کا انحصار اِس بات پر ہوتا تھا کہ آپ کہاں ہیں اور کیا کرتے ہیں۔ خُدا نے اِس نظام میں جو اُس نے اپنے لوگوں کو عطا کیا تھا بہت زیادہ فضل کی گُنجائش رکھی ہوئی تھی۔ وہ کبھی بھی اپنے لوگوں کو دُکھ اور تکلیف کی حالت میں نہیں دیکھ سکتا ہے۔ اُس کی شریعت میں اُس کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے پہلو کو واضح دیکھا جاسکتا ہے۔ اور اِس سے پہلے کبھی بھی کِسی بھی قوم میں اِس طرح کا نظام نہیں پایا جاتا تھا کِسی بھی مُعاشرے میں اِس حد تک احساس دیکھنے میں نہیں آتا ہے۔ خُدا نے جب اپنے لوگوں کو چُنا تو اُس نے اُنہیں اپنے احکامات دیئے جن پر عمل کرتے ہوئے وہ اِس دُنیا سے بہت زیادہ مختلف ہوگئے تھے۔ یہی خُدا چاہتا ہے کہ اِس دُنیا میں اور خُدا کے لوگوں میں واضح فرق پایا جانا چاہئیے، جب خُدا اپنے لوگوں سے خُوش ہوتا ہے تو اُس کی برکات اُنہیں عام لوگوں سے بہت زیادہ جُدا کر دیتی ہیں اور ہمیں ایک اچھا مُقام اور نام عطا کرتیں ہیں۔ خُدا کہتا ہے کہ جب تُم میری پیروی کرو گے تو میں تُمیں برکت دونگا اور تمام قوموں پر سرفرازی دونگا اور لوگ جانیں گے تُم میرے لوگ ہو اور میں تُمہارا خُدا ہونگا۔ اور یاد رکھیں کہ خُدا کے لوگ گُناہ نہیں کرتے ہیں اور اُس کی حضوری میں زندگی بسر کرنا کِتنا زیادہ خوبصورت عمل ہے جس میں کِسی بھی قِسم گُناہ کا ہماری زندگی میں کوئی خوف باقی نہیں رہتا ہے۔ اور ایسا کرنے کے لئے بہت ضروری ہے کہ خُداوند خُدا کے ساتھ ہمارا ایک شخصی تعلُق قائم ہو۔ اور ایک شخصی تعلُق قائم کرنے اور قائم رکھنے کے لئے بہت ضروری ہوتا ہے کہ ہم اُس

کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گُزاریں۔ کیونکہ کِسی بھی مضبوط تعلُق کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ ہم اُس شخصیت کے بارے میں زیادہ سے زیادہ علم رکھتے ہوں۔ ہم جانتے ہوں کہ کون کون سی باتیں ہیں جو ہمارے اِس تعلُق کو مزید مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتیں ہیں اور ضروری ہے کہ ہم اُن باتوں سے بھی آگاہ ہوں جن سے اِس تعلُق کے حوالے سے ہمیں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ اِن تمام باتوں کا علم ہونا اور اِن پر عمل پیرا ہونا ہمارے ایک مضبوط تعلُق کی ضمانت ہیں۔ ہم جیسا کرتے ہیں ہمیں ویسے ہی نتیجے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر ہم اچھا کرتے ہیں تو ہمیں ایک خُوشگوار بات کا تجربہ ہوتا ہے لیکن اگر ہم بُرا کرتے ہیں تو ہمیں اِس کے ناگوار نتیجے کو ہمیشہ ذہن میں رکھنا چاہئیے۔ ایک بہت بڑی مثال اِس کائنات میں پائی جاتی ہے کہ جو کُچھ ہم بوتے ہیں وہی کُچھ ہم کاٹتے ہیں۔ اگر ہم ایک اچھی فصل بوتے ہیں تو ہم ایک اچھی اور مُفید فصل کا اچھا پھل حاصل کرتے ہیں۔ لیکن اِس کے برعکس اگر ہم کوئی ایسی فصل کاشت کرتے ہیں جو کہ ہمارے یا ہمارے مُعاشرے کے لئے مُفید نہ ہو تو ہمیں نتیجے کے طور پر اُسی کو کاٹنا پڑے گا اور ہمیں اِس سلسلے میں بہت سے نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پُرانے عہد نامے کی شریعت کے مُطابق جب کوئی شخص کُچھ چُراتا تھا تو اُسے نہ صرف وہ چیز واپس کرنا پڑتی تھی بلکہ اُسے ہرجانے کے طور پر اُسکا بیسواں حصہ بھی ادا کرنا پڑتا تھا۔ یہ ایک قانون تھا جو اُن کے درمیان میں ہر ایک کے لئے یکساں طور پر پایا جاتا تھا۔ اور کُچھ

باتوں میں ہم دیکھتے ہیں کہ یہ ہرجانہ چار گُناہ بھی ہے۔ اگر کوئی کِسی کی بھیڑ یا کُچھ اِس طرح کی چیز کو چُراتا تھا اور اُسے اپنے لئے ذبح کر لیتا تھا تو اُسے اِس کا چار گُناہ اُس کے مالک کو ادا کرنا پڑتا تھا۔ اِس طرح سے خُدا نے اُس مُعاشرے کے تمام مُعاملات میں ایک توازن قائم کر رکھا تھا۔ خُدا اُن کی زندگی کے ہر ایک حصے میں اُن کی راہنمائی کرتا تھا اور اُنہیں اپنی قادر مُطلق موجودگی کا احساس دِلاتا تھا۔

اگر ہم مُعاشرتی سطح پر غور کریں تو پُرانے عہد نامے میں پائے جانے والے بہت سے نبیوں کی ایک کثیر تعداد ایسی تھی جو لوگوں کی مُعاشی اصلاح کے لئے خُدا کی احکامات کو لوگوں تک پہنچاتے تھے۔ اور ایسا کرتے ہوئے وہ لوگوں کو بیدار کرنے اور واپس لانے کی کوشش کرتے تھے کہ وہ اِس بات کو پہچان سکیں کہ خُدا نے اُنہیں اپنے مُعاشرے میں اچھے بُرے کی پہچان بخش رکھی ہے۔ اور اگر آپ اپنی اِس صلاحیت کو لوگوں کو گُمراہ کرنے کے لئے استعمال میں لاتے ہیں تو آپ اُنہیں خُدا سے دُور کر رہے ہوتے ہیں۔ آپ اُنہیں ایسے کام کرنے کو کہتے ہیں جنہیں وہ اپنے عام حالات میں نہیں کرتے ہیں۔ اور اِس کا سبب وہ صورت حال ہوتی ہے جو آپ اُن کے لئے پیدا کر دیتے ہیں جن میں وہ گُمراہی اور خُدا سے دُوری کی جانب بڑھتے ہیں۔ لیکن خُدا کی جانب سے مُقرر کئے گئے تمام انبیا نے اُس کے لوگوں کو واپس خُدا کی جانب لانے کے لئے اہم کردار ادا کیا تھا۔ اُنہوں نے خُدا کے احکامات کو صحت کے ساتھ لوگوں تک پہنچایا تھا تا کہ لوگ حقیقت سے واقف ہو سکیں اور اپنی بُری راہوں سے کنارہ

کریں اور خُدا کی جانب رجوع لائیں۔ جب بھی خُدا کے لوگ اُس سے برگشتہ ہوئے اُس کا کلام اُسکے نبیوں پر نازل ہوا اور اُس نے اُنہیں خبردار کیا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ خُدا نے ایک شریعت دی تھی جس کا اطلاق ہمیں پُرانے عہد نامے میں مِلتا ہے لیکن جیسے ہم نئے عہد نامے کو دیکھتے ہیں ہمیں ایک نئی شریعت یسوع مسیح میں حاصل ہوتی ہے جس نے ہمیں رحم فضل اور مُعافی کا درس دیا۔ لیکن نئے عہدنامے میں ہم بہت بار دیکھ سکتے ہیں کہ بہت سی کہانیوں کو پُرانے عہد نامے میں پائے جانے والے انبیا کی زندگیوں کا حوالہ دیتے ہوئے پیش کیا گیا ہے۔ پُرانے عہد نامے سے تعلُق رکھنے والے بہت سے لوگوں کے کردار کو یہاں پر نمونے کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اُنہوں نے اپنی زندگی میں خُدا کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے کیا کیا کیا تھا اور آپ کو کیا کیا کرنا چاہئیے۔ یاآپ کو کون کون سی باتوں کی ضرورت ہے کہ آپ اُن کے عملی کردار میں سے اُنہیں سیکھ سکیں۔ بہت سے لوگ اپنے آپ کو بالکُل کامل خیال کرتے ہیں اور نہیں جانتے ہیں کہ ایک انسان ہوتے ہوئے بہت کُچھ ہے جس میں اُنہیں خیال رکھنے کی اشد ضرورت ہے۔ جس میں اُنہیں خُدا کے لوگوں کے کردار کا مُطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ اپنی پیدوار کا ایک خاص حصہ دوسروں کے لئے دیا کرتے تھے، وہ اِسے غریبوں، یتیموں اور پردیسیوں کے لئے الگ کیا کرتے تھے۔ وہ اپنے تمام کاموں میں ایک وقت مُقرر کرتے تھے جس میں وہ اپنے مُعاشرے کی اصلاح کے لئے کام کرتے تھے۔ آج بھی ہمیں ایسا ہی کرنے کی ضرورت ہے، خُدا آج بھی ہم سے یہ چاہتا ہے کہ

ہم اپنے ساتھ رہنے والے انسانوں کے لئے برکت کا سبب بنیں۔ خُدا نے ایسا کرنے کا حُکم دے رکھا ہے لیکن اگر ہم انسان اِس پر دھیان نہیں دیتے ہیں تو یہ ہمارے لئے برکات کے رُکنے کا سبب بن سکتا ہے۔ لیکن ہمیں یہ ذمہ داری دی گئی ہے کہ ہم اپنے مُعاشرے اور اپنے ساتھی انسانوں کے لئے برکت کا سبب بنیں۔ یہ ذمہ داری پُرانے عہدنامے میں پائے جانے والے انبیا نے بہت اچھی طرح سے پُوری کی تھی ۔ اُنھوں نے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کیا جب کبھی وہ خُدا سے دُور ہوئے تو وہ اُنہیں خُدا کے کلام سے آگاہ کرتے تھے۔ اُن کے ایسا کرنے کی وجہ وہ روح تھی جو خُدا کی طرف سے اُن کی اندر کام کرتی تھی۔ ایک ایماندار جب خُدا کو قبول کر لیتا ہے تو خُدا کی طرف سے اُسے ایک نئی روح عطا ہوتی ہے جو اُسے اپنے روئیوں، کاموں، باتوں اور خیالات میں عام انسانوں سے مختلف بنا دیتی ہے۔ جب خُدا کا کلام لوگوں کے لئے اُس کے چُنے ہوئے نبیوں پر نازل ہوتا تھا اور خُدا انہیں پیشگی اطلاع دیتا تھا کہ میں تُمہیں مُصیبت میں ڈالنے والا ہوں جس کا سبب تُمہارے گُناہ اور بدکرداریاں ہیں تو اگر وہ عاجزی اور انکساری اختیار کرتے اور روزہ رکھتے تو خُدا اُن کے گُناہ مُعاف فرما کر اُنہیں بحال کردیتا تھا۔ بہت سے لوگ روزے کی اہمیت سے بالکُل بھی واقف نہیں ہیں لیکن خُدا اپنے پاک کلام میں اِس کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ اور ہم بہت سے ایسے واقعات سے واقف ہونگے جب خُدا کے لوگوں نے روزہ رکھا تو وہ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوگئے تھے اور خُدا نے اُن کی دُعاوں کو سُنا اور اُن کا جواب بھی دیا تھا۔ لیکن بہت سے لوگوں

میں روزہ رکھنے کا طریقہ بالکُل مختلف تھا اُن کے بارے میں خُدا فرماتا ہے کہ وہ روزہ رکھتے ہیں لیکن اِس کی حقیقت اور اہمیت سے بالکُل بھی واقف نہیں ہیں۔ وہ کہتا کہ یہ وہ روزہ نہیں ہے جسے میں نے تُمہارے لئے مُقرر کیا ہے۔ یہ نہیں کہ تُو اپنا کھانا غریبوں کو دے اور ایسے کُچھ اور کام کرے تو یہ درحقیقت روزہ نہیں ہے۔ روزہ کا مفہوم اِس سے بالکُل مختلف ہے اور صرف کھانا نہ کھانا ہی روزہ نہیں ہے۔ بلکہ اِس سے بڑھ کر ہمارے اندر پائی جانے والی شکستگی اور خستگی اور دُعائیہ روح اہمیت رکھتی ہے۔ ہمیں اپنے آپ کو تمام بُرائیوں اور بُری خواہشات سے روکنا ہوتا ہے اور ایسا کرنا ہمیں اندر سے مضبوط کرتا ہے۔ خُدا کی جانب سے دی جانے والے ہدایت ہمیں روزہ رکھنے اور اِس کے صحیح انداز کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتیں ہیں۔ جب ہم نئے عہد نامے میں آتے ہیں تو وہاں پر بھی ہمارا سامنا ایسی ہی صورت حال کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہاں پر بھی ہم بہت سی عیدوں کا تذکرہ دیکھتے ہیں اور آج بھی بہت سے لوگ صرف اِس لئے روزہ رکھتے ہیں کیونکہ مسیح یسوع نے اپنی زمینی زندگی میں ایسا کیا تھا، نئے عہدنامے میں زیادہ تر یہ مسئلہ اُمرا میں پایا جاتا تھا۔ امیر لوگ جو روزے رکھتے تھے وہ اپنے کام کاج سے تین گھنٹے جلد لوٹ آتے تھے کیونکہ وہ روزے میں ہوتے تھے لیکن غریب لوگ جو اُن کے ساتھ کام کر رہے ہوتے تھے اُنہیں تین گھنٹے دیر تک کام کرنا پڑتا تھا۔ اور اِس طرح سے یہ ایک خیال روزے کے تعلُق سے مختلف لوگوں میں مختلف طرح سے پایا جاتا تھا

جو کہ موجودہ دور سے تعلُق رکھنے والے مسیحی کے لئے ایک انتہائی حیرت کی بات ہے لیکن ایک واضح حقیقت ہے۔

آپ یکساں فضل کے بارے میں کیا خیال کرتے ہیں؟ بہت سے علمِ الہیات کے ماہرین نے اِس کے بارے میں بات کی تھی۔ یہ ایک خُدا کی خوبی ہے جِسے وہ مختلف طریقوں سے ہم پر ظاہر کرتا ہے۔ اِسے ہمارے کاموں میں جو ہم اپنی عام زندگی میں کرتے ہیں، اور ہم کِس طرح سے مختلف کاموں کو کرتے ہیں دیکھا جاسکتا ہے۔ اِس کا اِس چیز کے ساتھ کوئی تعلُق نہیں ہے کہ ہم مسیحی ہیں یا نہیں۔ بہت سی باتیں ہیں جنہیں انسانی فطرت میں تخلیقی طور پر ڈال دیا گیا ہے جنہیں ہم واضح طور پر دیکھ نہیں سکتے ہیں لیکن وہ ہمارے اندر پائی جاتی ہیں اور اپنا مخصوص کام سرانجام دیتی رہتی ہیں اور وہ مُسلسل ہماری راہنمائی کرتی رہتی ہیں کہ ہم اپنے سیدھے راستے پر ہی چلتے رہیں۔ اِسے مزید سمجھنے کے لئے ہم ایک چھوٹے بچے کی زندگی پر غور کر سکتے ہیں اور اُس میں بہت کُچھ ایسا پایا جاتا ہے جو اِس خیال کو سمجھنے میں ہماری راہنمائی کرتا ہے۔ اگر ہم ایک دروازہ کھول دیتے ہیں تو اِک بچہ وی سمجھ جاتا ہے کہ اِس کا مطلب یہ ہی ہے کہ آ تشریف لے جائیں۔ یہ ایک یکساں فضل ہے جو کہ ہمیں معاشرتی طور پر خُدا کی جانب سے حاصل ہے اور ہم میں سے ہر ایک اِس سے واقف ہے۔ یہ ہمیں مُعاشرتی طور پر بہت سی باتوں میں فہم بخشتا ہے اِس کا اِس بات کے ساتھ کوئی تعلُق نہیں ہے کہ چاہے اُس مُعاشرے میں پایا جانے والا بچہ مسیحی ہے یا نہیں۔ ہماری ذات میں

ہر طرح کی اچھی بُری باتیں پائی جاتیں ہیں جن میں سے بہت سی ہمارے روئیوں، چال چلن، بات چیت اور دوسروں کے ساتھ تعلُقات میں نمایاں ہوتیں ہیں۔ ہمیں اِن میں اپنی راہنمائی کے لئے خُدا کے پاک روح کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب خُدا کِسی شخص کی زندگی میں کام کرتا ہے تو وہ شخص اندر سے بدل جاتا ہے کیونکہ خُدا اُس میں کام کر رہا ہوتا ہے اور وہ اُس شخص کو ایک نئی روح عطا کرتا ہے جس میں اُسے اپنے تمام کاموں اور باتوں میں راہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ یاد رکھیں کہ کُچھ لوگوں کو چوری کرنے کی عادت ہوتی ہے اور وہ اپنی ضرورت کے مُطابق مختلف اشیا کو چُراتے ہیں۔ کُچھ لوگ ایسا اپنی ضروریات کو منفی طور پر پُورا کرنے کے لئے کرتے ہیں اور کُچھ لوگ عادتاً ایسا کرتے ہیں۔ لیکن شاید ہم نے کبھی غور کیا ہوگا یا نہیں کہ کُچھ لوگ دوسروں کی باتوں اور خیالات کو چوری کرتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ کِس طرح سے کوئی شخصی ایک اچھی زندگی بسر کر رہا ہے، وہ غور کرتے ہیں کہ کِس طرح سے ایک خوبصورت تعلُق کو قائم رکھا جاسکتا ہے۔ وہ اِس طرح کی باتوں کو چوری کرتے ہیں۔ میں خیال کرتا ہوں کہ یہ ایک مثبت بات ہے اگر ہم کِسی اچھائی کو دوسرے شخص میں دیکھتے اور اپناتے ہیں تو یہ ایک تعمیری بات ہے۔ یاد رکھیں کہ ہمیں اِس مُعاشرے میں رہتے ہوئے ہر ایک اچھی بات اور ہر ایک اچھے خیال کو اپنانا ہے جو ہماری اپنی زندگیوں اور دوسروں کے لئے برکت کا سبب ہوں۔ ہر ایک اچھا نظریہ جسے آپ دیکھتے ہیں اُسے کبھی بھی ہاتھ سے مت جانے دیں۔ کبھی بھی یہ خیال نہ کریں کہ یہ آپ کو پتہ نہیں کِس نتیجے تک پہنچائے گا بلکہ ایک

اچھائی کی مانند اِسے اپنا لیں۔ کِسی بھی خیال کو چوری کرنے پر کوئی بھی آپ پر مُقدمہ درج نہیں کرسکتا ہے۔ اِس لئے بے دھڑک ہوکر ایسا کریں اور اپنی شخصی زندگی میں اِسے استعمال میں لائیں۔ یہ آپ کی زندگی میں اور زیادہ نکھار کا سبب بن سکتا ہے آپ کے تعلُقات میں بہتری لا سکتا ہے۔ آپ اپنے آپ کو پہلے سے مزید پُر سکون محسوس کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کی زندگی میں پائے جانے والے بوجھ کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ آپ کو بہت سے فیصلہ جات کرنے میں مدد گار ثابت ہوسکتا ہے جنہیں کرنے میں پہلے ہم کچُھ ہچکچاہٹ محسوس کرتے تھے۔ اور اِس طرح کی بہت سی باتیں ہیں جو آپ کی زندگی کے مختلف حصوں میں پائی جاتیں ہیں جن میں آپ کو کچُھ تبدیل ہوتا ہوا دِکھائی دے گا۔ اگر آپ کے کسی اچھے کام کی وجہ سے لوگ آپ کی زندگی کی نقل کرتے ہیں تو یہ ایک مثبت بات اور اِس بات کا نشان ہے کہ آپ دوسروں کے لئے برکت کا سبب بن رہے ہیں۔ پاک کلام میں کچُھ آیات ایسی ہیں جو کہ ہمارے خلاف اور ہمارے لئے ہیں۔ اگر ہم پاک کلام کو پڑھتے ہوئے اپنی زندگیوں پر غور کرتے ہیں تو ہمیں بہت کچُھ ایسا مِلتا ہے جسے ہم اپنے لئے دیکھ سکتے ہیں جو ہمارے خلاف گواہی دیتا ہوتا ہے۔ اور جو ہماری زندگیوں میں پائی جانے والی بہت سی منفی باتوں کی نشاندہی کررہا ہوتا ہے۔ خُدا ہماری سوچوں خیالات اور فطرت کو بہت اچھی طرح سے جانتا ہے اور اپنے پاک کلام کی وجہ سے ہماری راہنمائی کرتا ہے۔

ہم ایک مثال پر غور کریں گے کہ اگر میں بارش میں گاڑی چلا رہا ہوں اور آپ جانتے ہیں کہ بارش میں گاڑی چلاتے ہوئے بہت ضروری ہوتا ہے کہ ہم سکرین کو صاف رکھنے کے لئے وائپرز کا استعمال کرتے ہیں۔ تو اگر میں بارش میں گاڑی چلا رہا ہوں اور میرے گاڑی کے وائپرز بالکُل سامنے آکر درمیان میں کام کرنا چھوڑ دیں تو کیا ہم گاڑی چلانا جاری رکھ سکتے ہیں؟ کیا ہم اِسی حالت واضح دیکھ پائیں گے کہ آگے کیا ہو رہا ہے اور کیا ہم ٹھیک سمت میں جا رہے ہیں ؟ ایسی حالت میں ہمیں کیا کرنے کی ضرورت ہے۔کیا یہ ہمیں اِس بات کی طرف اشارہ نہیں کررہا ہے کہ کُچھ ایسا ہے جِسے دیکھنے کی ضرورت ہے۔کُچھ ایسی خرابی پائی جاتی ہے جس کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اِسے معمول کے مُطابق چلانا جاری رکھا جاسکے۔

یہ ایک فطری بات ہے کہ ہم کوشش کریں گے کہ اِسے ایک خالی جگہ پر روک کر اِسے دیکھیں کہ کون سی چیز ہے جو اِن وائپرز کی حرکت میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ کوئی ایسی چیز جِسے ہم نہیں دیکھ پارہے ہوتے ہیں۔ سب سے بہتر اور مُفید بات یہ ہوتی ہے کہ ہم اپنی تمام چیزوں کو باقاعدہ طور پر دیکھیں اور ایک مُقرر مُدت کے بعد اُنہیں چیک کرواتے رہیں۔ اور ہمیشہ وہ کریں جو حالات کے مُطابق آپ کے لئے موزوں اور بہترین ہو۔ کبھی بھی کِسی کی اندھا دُھند تقلید نہ کریں بلکہ کوئی بھی کام کرنے سے پہلے اُس کے اچھے اور بُرے پہلو پر ضرور غور کریں۔ بہت سی باتیں اور بہت سے کام ایسے ہوتے ہیں جن کے نتائج سے ہم واقف نہیں ہوتے ہیں اور وہ منفی صورت میں بھی ہوسکتے ہیں۔ اگر کوئی یہ کہتے ہوئے پہاڑ

سے چھلانگ لگا دے کہ ایسا کرنا بہت ہی مزیدار کام ہے تو کیا آپ بھی اُس کے پیچھے ہی ایسا کر دیں گے؟ بہت سے کاموں میں ہم ایسا کرتے بھی ہیں کیونکہ ہم ایک ساتھ رہتے ہیں اور ایک دوسرے کی بہت سی باتوں اور کاموں کو بغور دیکھتے ہیں۔ ہم فطری طور پر ایسے خلق کئے گئے ہیں کہ ہمیں ایک ساتھ رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس کائنات میں پائی جانے والی بہت سی چیزوں میں اِس اتحاد کی مثالوں پر غور کرسکتے ہیں۔ ہم اپنے ایمان میں، اپنی نسلوں میں، اپنی کاموں اور سب سے بڑھ کر ہم اپنے خاندانوں میں اِس اتحاد کی مثال کو واضح دیکھ سکتے ہیں۔ اور کئی دفعہ وہ لوگ جو انجنئیرنگ کے شعبے سے مُنسلک ہیں وہ بہت سے کاموں میں اُن اصولوں پر غور کرتے اور اُنہیں اپنے کاموں میں عملی شکل دیتے ہیں جنہیں وہ اِس کائنات میں مختلف طرح سے کارفرما دیکھتے ہیں۔ اور بذاتِ خود ایک بزنس ایگزیکٹو ہوتے ہوئے میں بہت سے کاموں میں اِس کائنات میں کارفرما اصولوں سے مدد لیتا ہوں اور ایسا کرتے ہوئے میں اپنے بہت سے کاموں میں ان سے مدد لیتا ہوں۔ لیکن یاد رکھیں کہ انہیں سمجھنا اور اِن پر غور کرتے ہوئے اِن میں سے اپنے لیے سیکھنا کوئی مُشکل کام نہیں ہے بلکہ یاد رکھیں کہ ہم فطری طور پر ایسا کرنے کے لئے خلق کئے گئے ہیں۔ بہت کُچھ ہے جو فطری طور پر ہم میں پایا جاتا ہے ہمیں اِس طرح سے خلق کیا گیا ہے کہ ہم اُنہیں پسند کرتے ہیں جو ہمیں پسند کرتے ہیں۔ ہم اِس طرح سے خلق کئے گئے ہیں کہ ہم جو کام ایمانداری کے ساتھ کرتے ہیں ہم اُن میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ ہمیں یہ بتادیا اور سِکھا

دیا گیا ہے کہ کِسی بھی کام جس قدر ایمانداری اور دیانتداری شامل ہو گی اُس میں کامیابی کے مواقع اُتنے ہی زیادہ ہونگے۔ ہماری ایمانداری اور اِس دیانتداری کا سارا دارومدار اُس خُدا کے روح پر ہے جو ہمارے اندر کام کرتا ہے جو ہم میں اِن تمام خاصیتوں کو پیدا کرتا ہے۔ ایسا کرتے ہوئے وہ ہم میں سے ہو کر کام کرتا ہے اور وہ ہمیں اپنے منصوبے کے مُطابق استعمال میں لا رہا ہوتا ہے۔ ہم اپنے مُعاشرے میں اِس کی بہت زیادہ واضح مِثالوں کو دیکھ سکتے ہیں اور اِن تمام باتوں کو مزید قریب سے جاننے کے لئے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

پُرانے عہد نامے میں بہت سے ایسے لوگ تھے جنہوں نے اختلاف کیا، جھنوں خُدا کے بارے میں پائے جانے والے بُنیادی خیالات پر اختلاف کیا تھا۔ اور ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یرمیاہ اُنہیں اِس بات کا احساس دلانے کی کوشش کررہا ہے کہ اُنہیں خُدا کے خلاف ایسا نہیں کہنا چاہئیے اور اُنہیں حقیقت سے آگاہ کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ اور پُرانے عہدنامے سے تعلُق رکھنے والے بہت سے طومار ہیں جنہیں کُچھ مختلف لوگوں نے تحریر کیا اور جن میں خُدا کی ذات کے بارے میں کُچھ مختلف طرح سے بیان کیا گیا تھا۔ لیکن اُن کا مُطالعہ کرنا ضروری نہیں ہے کیونکہ ہمیں اُن میں سے اپنے لئے کُچھ خاص مدد حاصل نہیں ہو گی۔ اگر موجودہ پُرانے عہد نامے کا مُطالعہ طوماروں کی مدد سے کیا جائے جنہیں خُدا کے برگُزیدوں اور اُسکے چُنے ہوئے نبیوں نے لِکھا تھا تو ہمیں وہاں پر بالکُل بھی کِسی طرح سے کوئی باب یا کوئی آیت نہیں مِلے گی یا ہم یہ نہیں کہہ سکیں گے کہ یہاں پر یہ باب یا یہ آیت ختم ہو گئی ہے۔ کیونکہ یہ

سارا کُچھ طوماروں پر لکھا ہوا تھا اور اُنہیں ایک طرف سے شروع کر کے لِکھا گیا تھا اور یہ آخر تک ایسے ہی تحریر کئے گئے تھے۔ اِن میں کہیں بھی کِسی بھی لفظ یا کِسی بھی آیت کے درمیان میں کوئی خلا نہیں پایا جاتا تھا۔ اِس لئے آپ اُن کا مُطالعہ کرتے ہوئے یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے یرمیاہ کی کتاب میں سے اُس کے فلاں باب کی فُلاں آیت تک مُطالعہ کر لیا ہے۔ آپ کو اُس میں سے اپنا مُطلوبہ حوالہ تلاش کرنے کے لئے اُس میں سے کافی جدو جہد کرنا پڑتی ہے کیونکہ یہ ہمارے پاس پائی جانے والی کُتب کی مانند نہیں ہیں بلکہ یہ ایک کیسیٹ کی مانند لِپٹے ہوتے ہیں اور انہیں پڑھنے کے لئے انہیں بل دار انداز میں کھولنا پڑتا ہے۔ یہ ابھی تک اُسی حالت میں موجود ہیں اور اِن میں کِسی بھی قسم کی کوئی تبدیلی یا کوئی ردو بدل نہیں کیا گیا ہے۔ بہت سے لوگ ہیں جو اِن کے بارے میں بہت کُچھ کہہ رہے ہیں لیکن وہ ابھی تک اِن کے بارے میں کُچھ بھی نہیں جانتے ہیں۔ بہت سی بے بُنیاد باتیں اِن کے بارے میں کہی جاتی رہی ہیں جن کا مقصد اِس حقیقت کو غلط ثابت کرنا ہے کہ یہ اپنی اصلی حالت میں پائے جاتے ہیں۔ مسیح کی موت اور آسمان پر اُٹھائے جانے کے چار سو سال بعد تک یہ تمام مواد ہمارے پاس اِسی حالت میں رہا تھا۔ یعنی چار سو بعد از مسیح تک یہ طوماروں اور اِس طرح کی مختلف اشیا پر مرقوم ہوتا رہا تھا جنہیں استعمال میں لاتے ہوئے ہمارے پاس موجودہ پاک کلام کو مختلف زبانوں میں ضابطہ تحریر میں لایا گیا تھا۔ نئے عہد نامے کے بہت سے حصوں کو چار سو سال بعد از مسیح میں تحریری شکل میں محفوظ کیا گیا تھا۔ لیکن سب اہم اور

قابل غور بات یہ کہ اگر ہم اپنی شخصی زندگیوں، خاندانی زندگیوں، کاروباری مُعاملات، دوسروں کے ساتھ تعلُقات میں یسوع مسیح کو بطور اپنا راہنما لیتے ہیں تو یاد رکھیں کہ آپ کی زندگی کے تمام حصوں میں کامیابی یقینی ہے اور آپ آگے بڑھ سکیں گے۔ عام الفاظ میں وہ گروہ جو اپنی راہنمائی کو مسیح یسوع کے سپُرد کرتے ہیں وہ مُعاشرے میں نمایاں طور پر آگے بڑھ جاتے ہیں کیونکہ اُن کے آگے کوئی انسان نہیں بلکہ اُنکا مالک خُداوند یسوع مسیح ہوتا ہے جو ہر طرح کی برکات کا سرچشمہ ہے۔ آپ کِسی ایسے گروہ کے ساتھ اگر صرف پانچ منٹ تک وقت گُزار لیں جن کی راہنمائی خُداوند یسوع مسیح خود کرتے ہیں تو آپ اِن پانچ منٹوں میں اِس میں پائی جانی والی مُثبت تبدیلیوں اور برکات کی بابت جان جائیں گے۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آپ کا تعلُق جِس گروہ کے ساتھ ہوتا ہے وہ آپ سے کُچھ دُور ہوتا چلا جاتا ہے جسکی وجہ کُچھ ایسے کام ہوتے ہیں جنھیں آپ اُس گروہ پر بھروسہ کرتے ہوئے سر انجام دیتے ہیں لیکن اِس ساری صورت حال میں آپ وہ سارا کُچھ اُنھیں تفصیل کے ساتھ بتا دیتے ہیں جو اِس کی بُنیاد ہوتا ہے تو لوگ ضرور آپ کی بات کو سمجھ جائیں گے۔ مُجھے یاد ہے کہ جب میں نے اپنی زندگی میں مسیح یسوع کو قبول کیا تھا تو میں اُس وقت کالج میں پڑھتا تھا۔ میں نے اپنی زندگی خُداوند خُدا کے سپُرد کردی تاکہ وہ اپنی مرضی کو میری زندگی کے وسیلہ سے پُورا کرے۔ اور میں نے اِس بات کا تجربہ کیا کہ میری شخصی، جذباتی، خاندانی، تعلیمی، مذہبی اور روحانی زندگی کے تمام حصوں میں ایک نیا پن تھا جسے میں واضح طور پر محسوس کرسکتا تھا۔

اور خُدا نے میری راہنمائی کی کہ میں کُچھ مسیحی خدمت کرنے والے اداروں کے لئے کُچھ مالی مدد میں حصہ دار بن سکوں۔ اور مُجھے اچھی طرح سے یاد ہے کہ میری اِس تبدیلی کو میرے کالج کے دوستوں اور اساتذہ میں بہت حد تک محسوس کیا گیا تھا۔ جب خُدا ہماری زندگی میں کام کرتا ہے تو وہ ہمیں اپنے اور دوسروں کے لئے ایک مثال کے طور پر پیش کرتاہے۔ اِس ساری صورت حال میں ہمیں اندازہ نہیں ہوتا ہے کہ یہ سارا کُچھ کِس طور سے ہمارے اندر وقوع پذیر ہورہا ہوتا ہے۔ لیکن یہ خُدا کا کام ہے وہ پس پردہ رہتے ہوئے اِن تمام کاموں کو سر انجام دے رہا ہوتا ہے۔ اِس کا اِس بات کے ساتھ کوئی تعلُق نہیں ہے کہ آپ کِس حد تک اُس تبدیلیوں کو اپنے اندر محسوس کرتے ہیں۔ ہمارا کام یہ نہیں ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ خُدا نے ہمارے اندر کِس حد تک کام کیا بلکہ ہمارا کام یہ ہے کہ ہم اُس کے کئے گئے کاموں کو دسروں تک پہنچانے کا وسیلہ بنیں۔ آپ کا کام یہ ہے کہ آپ خُدا کے حضور حلیمی کے ساتھ چلیں اور اُس کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے اپنی زندگیوں میں عاجزی اور انکساری کو خاص طور پر جگہ دیں۔ آپ کی زندگی میں سے عملی طور پر یہ ظاہر ہونا چاہئیے کہ آپ خُدا کے خادم ہیں اور آپ کی زندگی کا اولین مقصد اپنی زندگیوں میں سے خُدا کی پہچان کو دوسروں تک پہنچانا ہونا چاہئیے۔ لوگ آپ کی زندگی کے وسیلہ خُدا تک پہچان حاصل کریں۔

اب تک ہم نے خُدا کے فضل پر بات چیت کی ہے اور دیکھا ہے کہ وہ یکساں ہے۔ خُدا اپنا فضل ہر کِسی پر کرتا ہے خواہ وہ کِسی بھی قوم یا کِسی بھی قبیلے سے تعلُق رکھتا ہو۔ اور ہم نے

دیکھا ہے کہ کِس طرح سے خُدا کا پاک روح لوگوں کی زندگیوں میں کام کرتا ہے تا کہ اپنے برگُزیدوں کے ذریعے سے خُدا کی پہچان ساری دُنیا کو بخشے۔ یاد رکھیں کہ ہماری زندگیوں میں ہونے والی تمام طرح کی تبدیلی کا سارا دارومدار خُدا کے پاک روح پر ہوتا ہے جو ہمیں خُدا کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے اور اِس طرح سے ہماری زندگی حتمی طور پر ایک مختلف طرح کی تبدیل شُدہ زندگی بن جاتی ہے جو اِس بات کا ثبوت ہوتا ہے کہ خُدا کا کلام ہماری زندگی میں قابلِ قبول حد تک کام کر رہا ہے۔ اگر آپ کِسی تنظیم کے سربراہ ہیں اور آپ خُدا کی آواز پر کان دھر رہے ہیں تو آپ کی تنظیم واضح طور پر ترقی کرتی ہوئی دِکھائی دے گی۔ اِس میں معمول کی نسبت بہت کُچھ تبدیل ہوتا ہوا نظر آئے گا۔ اور اگر آپ اِس کا انتظام راستی کے ساتھ کر رہے ہیں اور تمام امور میں اپنے خُدا کے ساتھ حلیمی اور عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں تو آپ اِس کے اراکین میں ایک حیران کُن حد تک اضافہ ہوتا ہوا دیکھ سکیں گے۔ آپ کو اِسے دیکھنا ہے اور اِس پر غور کرنا ہے کہ یہ ساری تبدیلی کِس طرح سے رونما ہوتی ہے اِسے سمجھنا بہت ہی آسان ہے۔ آپ اِس سارے عمل کا بغور مُطالعہ کریں تو آپ جان جائیں گے کہ کِس طرح سے خُدا اِن تمام حالات میں اپنی حضوری کا احساس آپ کو بخشے گا۔ تمام طرح کے مسیحیوں میں اور مُنادی کرنے والوں میں خُدا کے روح کی پہچان کرنا عام لوگوں کے لئے اتنا آسان نہیں ہوتا ہے۔ لیکن وہ لوگ جن میں خُدا کا روح بسا ہوتا ہے وہ یہ پہچان رکھتے ہیں اُن کے ساتھ بات کرنے والا شخص خُدا کا خادم ہے یا کِسی مختلف پہچان کا حامل ہے۔

ہم اِس طرح کی باتوں کا اپنے خاندانوں، دوستوں اور دفاتر میں مُشاہدہ کر سکتے ہیں۔ کُچھ لوگوں کا خیال ہے ایک سچا مسیحی بننے کے لئے ضروری ہے کہ اُس شخص کو ایک لمبے عرصے تک کے لئے ایک کمرے میں بند کردیا جائے اور اُسے کھانے کو صرف بائبل مُقدس میں سے اقتباسات دیئے جائیں اور اُسے اُس وقت تک بند رکھا جائے جب تک وہ مُکمل طور پر مسیحی نہ بن جائے۔ اُن کے مُطابق اُسے واقعی ایک کمرے میں ظاہری طور پر بند کردیا جانا چاہئیے اُسے ۳۰ یا ۴۰ سالوں سے خُدا کے ساتھ چلنے والے لوگوں کی مثالوں کے بارے تفصیل کے ساتھ بتایا جانا چاہئیے۔ لیکن یہ ایک مضحکہ خیز بات ہے یسوع نے کبھی بھی ایسا کرنے کی بابت نہیں کہا تھا۔ بلکہ وہ اپنے شاگردوں کو اپنے ساتھ ساتھ رکھتا تھا اور وہ اُس کی عملی زندگی میں سے، اُسکے کردار کی خوبصورتی میں سے اور اُس کی الٰہی باتوں میں سے بہت کُچھ سیکھتے تھے۔ مسیح یسوع نے بالکُل بھی کِسی اِس طرح کی ظاہری قید کے بارے میں نہیں کہا تھا۔ اُس کے شاگرد اُس کے ساتھ گردو نواح کے تمام علاقوں گلیل، یروشلیم، اسرائیل کے شمالی حصوں اور سامریہ کے علاقوں میں اُس کے ساتھ ساتھ رہے تھے۔ اور یہ ساتھ اُس کے پکڑوائے جانے تک قائم رہا تھا۔ اور ایک بار جب وہ سامریہ میں تھے اور وہ شاگردوں سے باتیں کر رہا تھا تو اُس کے شاگردوں نے اُس سے کہا کہ اے خُداوند تُو ہمیں آسمانی باپ کو دِکھا۔ اُنھوں آسمانی باپ کو دیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا لیکن یسوع نے اُنہیں کہا کہ میں تُمہارے ساتھ ہوں میں باپ میں ہوں اور باپ مُجھ میں رہ کر اپنے کام کرتا ہے۔ اور اُس نے اُن کے ایک

سوال کے جواب میں کہا تھا کہ میں دُنیا کی عدالت کرنے کے لئے نہیں آیا ہوں بلکہ میں تو دُنیا کو بچانے کے لئے آیا ہوں۔ خُداوند یسوع مسیح کے اِس دُنیا میں آنے کے پس پردہ اُسکا ایک مقصد تھا، وہ اِس دُنیا کو گُناہ کی قید سے آزاد کرنے اور نجات دینے کے لئے آیا تھا۔ عدالت بعد کا کام ہے ابھی جو وقت ہمیں دیا گیا ہے اُس میں ہمیں ہر مُمکن حد تک لوگوں کو خُدا کے قریب لانے کے بارے میں اپنا اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ عدالت کا کام شروع ہونے سے پہلے ہمیں ہر مُمکن طور پر لوگوں کو خُدا کے کلام اور عدالت کے تعلُق سے بتانے کی ضرورت ہے۔ خُدا کِسی کی ہلاکت نہیں چاہتا ہے بلکہ وہ چاہتا ہے کہ ہر ایک توبہ تک نوبت پہنچے اور کوئی بھی ہلاکت کا شکار نہ ہو۔ خُدا انسانوں سے بہت پیار کرتا ہے اور اُس کے پیار کا نتیجہ ہی ہے کہ اُس نے ہماری خاطر اپنے عزیز بیٹے کو اِس دُنیا میں بھیج دیا تھا۔ وہ عدالت کے کام میں اِس لئے تاخیر کر رہا ہے تا کہ کم سے کم لوگ ہلاک ہوں اور خُدا کی بادشاہت میں زیادہ سے زیاہ لوگ داخل ہوسکیں۔ اُس کی خُوشی بنی نوع انسان کے ہمیشہ کی زندگی میں داخل ہونے میں ہے۔ خُدا مُکاشفہ کی کتاب میں بیان کی جانے والی تمام آفتوں کو نازل کرنے میں اِس لئے صبر کا مُظاہرہ کر رہا ہے تا کہ اُس کو لوگ جو اِس زمین پر اُس کے خدمتگُزار ہیں اپنی خدمت کے ذریعے ایسے لوگوں تک بھی خُدا کا پیغام پہنچا سکیں جنہیں ابھی تک خُدا کی پہچان حاصل نہیں ہے، تاکہ کوئی بھی بے خبری کی حالت میں ہلاک نہ ہو۔

یہ خُدا کی مہربانی اور اُسکے ہمارے لئے پیار کا ثبوت ہے کہ وہ ابھی تک ہمارے ایمان لے آنے کا انتظار کر رہا ہے تاکہ ہمیں اپنے ساتھ اپنی ابدی بادشاہت میں شامل کر سکے۔

تو ایک مسیحی ہوتے ہوئے ہمارا فرض ہے کہ ہم اِس دُنیا کے مُتضاد ہوں اور ہم پیار کی فصل کو کاشت کریں اور خُدا کے کلام میں سے مدد پاتے ہوئے اپنی شخصی اچھائیوں کی بدولت بُرائیوں پر غالب آئیں۔ ہمیں اُس عدالت کے کام کے شروع ہوجانے سے پہلے اپنی اپنی ذمہ داریوں کو پُورا کرنا ہے۔ اِس سے پہلے کہ خُدا اِس کائنات کی عدالت کے کام کو شروع کرے ہمیں اُس کے کلام کو جتنے زیادہ لوگوں تک مُمکن ہو پہنچانا چاہئیے اور اِس میں کوتاہی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ آپ اِس کے بارے میں سوچتے ہیں اور ایک منصوبہ تیار کرتے ہیں اور پھر اُسے عملی جامہ پہنانے کے لئے نکلتے ہیں۔ عام طور پر آپ ایسا کرنے کے لئے کِسی خاص اشارے کا انتظار نہیں کرتے ہیں بلکہ آپ اِسے شروع کر دیتے ہیں۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آپ کو کُچھ تاثر دیکھنے کے لئے کُچھ انتظار کرنا پڑتا ہے لیکن عام طور پر آپ سوچتے ہیں کہ جو کُچھ ہورہا ہے اُس کے بارے میں میرا ردِ عمل کیا ہے۔ اور اِس طرح سے آپ اِس کے نتیجے کے بارے میں سوچتے ہیں اور غور کرتے ہیں کہ اِس کا مُستقبل کیا ہوگا۔ پاک کلام بھی اِس سلسلے میں ہماری راہنمائی کرتا ہے کہ کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے اِس بات کا اندازہ لگائیں کہ کیا آپ اِسے پایہ تکمیل تک پہنچا پائیں گے؟ خُداوند یسوع مسیح نے ایک مِثال پیش کی تھی کہ کون ایسا آدمی ہے جو عمارت کو شروع کرنے سے پہلے بیٹھ کر اُسکا حساب نہ لگائے

تاکہ اُسے مکمل کر سکے۔ اگر ہم ایسا نہیں کرتے ہیں تو بعض اوقات ہمیں اِسے مکمل کئے بغیر ادھورا چھوڑنا پڑتا ہے۔ تو ہمیں اِس طرح سے خلق کیا گیا ہے کہ ہم کِسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے اُس کے مُستقبل کے بارے میں اندازہ لگا سکتے ہیں۔ اور ہم اِس بات کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جو پروگرام میں پیش کرنے کو ہوں اُس کا مُجھ پر، میرے ساتھیوں پر اور سامعین پر کیا اثر ہوگا؟ اور اِس سے مُراد ہرگز یہ نہیں ہے کہ جیسا آپ خیال کرتے ہیں ویسا ہی ہوگا لیکن یہ اِس کے قریب قریب ہی ہوسکتا ہے۔ تو ہمیں یہ اختیار ہے کہ ہم کِسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے اُس کے مُتعلق تسلی کرلیں کہ ہم اِسے کر پائیں گے یا نہیں۔ اور ہم اپنی بارے اور دوسرے کے ردعملِ کی بارے میں کُچھ خیال کرسکتے ہیں اور صورتِ حال کے مُطابق بعض اوقات اِس میں کُچھ تبدیلیاں بھی کر سکتے ہیں۔ یہ تبدیلیاں ہمارے لئے کُچھ مثبت نتائج کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتیں ہیں۔ لیکن کُچھ حالات میں منفی طور پر حاصل ہونے والا ردِ عمل ہماری راہنمائی کرتا ہے کہ ہمیں اِس میں کُچھ تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے۔ اِس طرح سے ہمیں اپنے پروگرام کو دوبارہ سے ترتیب دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ہمیں اِس میں سے کوئی بات بُری محسوس ہوتی ہو تو ہم اِس میں بہتری لانے کے لئے مختلف اقدامات کرسکتے ہیں۔ عام طور پر ہم ایسے شہروں میں رہتے ہیں جہاں کاروباری سرگرمیاں عروج پر ہوتی ہیں اور ہمارا تعلُق ایک مضبوط تہذیب کے ساتھ ہے جس میں ہم مضبوط مذہبی عقائد رکھتے ہیں، ہماری مُعاشی حالت بہترین ہے اور اِس سب کُچھ میں ہمیں

ایک ہی وقت میں مختلف کاموں کے لئے منصوبہ بندی کرنا پڑتی ہے۔ بہت سی باتوں میں ہمیں فوری طور پر فیصلہ کرنا پڑتا ہے اور ہمیں بہت کم وقت میں بہت سی باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انتہائی محتاط انداز میں بہت سے کاموں کو کرنا پڑتا ہے۔ پُرانے عہد نامے میں سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کُچھ اوقات میں ایسے ہوا تھا کہ صرف ایک شخص کی غلطی کی وجہ سے ساری قوم کو سزا کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ اِسی طرح سے کُچھ لوگ ہوتے ہیں جو ایک مُعاشرے میں مختلف طرح کے مسائب کا سبب بنتے ہیں۔ مُجھے یاد ہے کہ میں نے ایک کارٹون کہانی کے کرداروں کو دیکھ رہا تھا کہ اُس میں ایک شخص کو جیل میں بند کیا گیا تھا جو کہ ایک مُجرم تھا یا اُسے کِسی معمولی جُرم کی سزا میں جیل جانا پڑا تھا۔ اور وہ مُجرم کُچھ اِس طرح کے الفاظ کہہ رہا تھا کہ ڈی۔این۔ اے ٹیسٹ سے ثابت ہوسکتا ہے کہ میں بے گُناہ ہوں۔ لیکن دھوکا دہی کی صورت میں ایسا بالکُل بھی نہیں ہوسکتا ہے۔ اِس دُنیا میں ہر طرح کے جرائم ہیں جنہیں ہم انسان ہوتے ہوئے کرتے ہیں۔ بہت سے ایسے جرائم ہیں جنہیں ہم بہت ہی دشواری کے ساتھ کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ جسمانی طور پر کِسی کو موت کے گھاٹ اُتارنے میں بالکُل بھی نہیں ہچکچاتے ہیں۔ بہت سے لوگ پیسوں کے مُعاملے میں ہیرا پھیری کرتے ہوئے بالکُل بھی نہیں گھبراتے ہیں۔ لیکن اُنہیں کِسی نہ کِسی طرح سے اِس کا جواب دینا پڑے گا اور کوئی شخص ایسا نہیں ہوگا جسے اِس کے بارے نظر انداز کردیا جائے گا۔ لیکن یاد رکھیں کہ مُعاشی اور حکومتی طور پر بہت سی حدود ہیں جنہیں ہم پار نہیں کرسکتے

ہوتے ہیں۔ اور کِسی نہ کِسی طرح ہم اِن میں بُری طرح سے اُلجھتے ہوئے پھنس جاتے ہیں۔ ایک نظام ہے جو ہمیں ڈھونڈ نکالتا ہے جو انصاف کے تقاضوں کو ہر لحاظ سے پُورا کرتا ہے۔ اگر کِسی بھی جگہ پر جُرائم میں دن بدن اضافہ ہوتا جائے تو ایک وقت آئے گا جب ایک نظام کے تحت تمام چیزوں کا حساب ہوگا اور ہر ایک بُری چیز ہر ایک اچھی چیز سے جُدا کی جائے گی۔ بہت سے لوگ خیال کرتے ہیں کہ خُدا اُنہیں استعمال میں لا رہا ہے کیونکہ وہ اِس قابل ہیں اور کوئی بھی دوسرا اِس کام کے لئے موزوں نہیں ہے لیکن ایسا سوچنا غلط ہے خُدا کِسی بھی شخص کو اور کِسی بھی چیز کو کِسی بھی کام کے لئے استعمال میں لا سکتا ہے، وہ قادرِ مُطلق خُدا ہے۔ اِس ساری کائنات کا نظام خُدا کا مُرتب کردہ ہے اور وہی ہے جس نے اِس دُنیا میں رہنے والوں کو ایک آزاد مرضی کے تحت مختلف اختیارات سے نواز رکھا ہے۔ ہمارے سامنے پائے جانے والے سماجی اور حکومتی ڈھانچے اُسی کے ترتیب دیئے ہوئے ہیں اور اِس زمین پر انصاف کو قائم کرتا ہے۔ تو اِس طرح سے جیسے جیسے جُرائم بڑھتے جاتے ہیں لوگ اِن کی جانب سے فکر مند ہوتے ہیں اور کُچھ حالات میں یہ ایک شدید ردِ عمل کی صورت اختیار کر جاتا ہے۔ لوگ درحقیقت اپنی خاندانی اور مُعاشرتی زندگیوں میں ایک قانونیت کے خواہش مند ہیں اور تمام کاموں میں ایک تناسب دیکھنے کی اُمید کرتے ہیں۔ اور مسیحی تنظیموں اور اداروں میں بھی خُدا کی مرضی کو مرکزی اور اولین ترجیح دی جاتی ہے جس کا نتیجہ اُن کی شخصی روحانی ترقی اور اُن کی خدمت میں پھلدار نتائج کی شکل میں ہوتا ہے۔ اور یہ ایک

بہت بڑی حقیقت ہے جس سے ہر ایک کا آگاہ ہونا بہت ہی ضروری ہے۔ خُدا نے ہماری تخلیق کے وقت ہی ہمارے اندر ایک خاصیت رکھ دی ہے جس کی مدد سے ہم اِس طرح کے حالات میں فیصلہ کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ اِس دُنیا میں زندگی گُزارتے ہوئے ہمارے بہت سے دوست ہیں اور ہمیں بہت سے لوگوں سے تعلقات رکھنا ہوتے ہیں اور سب سے بڑھ کر ہم ایک خاندان رکھتے ہیں جس میں یہ خاصیت ہمارے لئے اور دوسروں کے لئے بہت زیادہ اثر انداز ہوتی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو ہر ایک کی جانب سے مطلوبہ نتائج نہ حاصل ہوسکیں لیکن ضرور کُچھ لوگ آپ سے اِس بات کا تذکرہ کریں گے جس سے آپ کُچھ تقویت پائیں گے۔ ہر طرح کی صورتِ حال میں اور ہر ایک معاملے میں ہمیں خُدا کو شامل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور ایسا کرنے کے لئے بہت ضروری ہے کہ ہم دُعا میں وقت گُزاریں اور اپنی حکومت اور اختیارات کے حامل افراد، مُعاشرے، خاندانوں اور شخصی زندگیوں کے لئے خُدا سے التجا کریں۔ اور یقیناً آپ اِن تمام حالات میں ایک نمایاں تبدیلی محسوس کریں گے اور خُدا ہر مُثبت طور پر آپ کو مدد فراہم کرے گا اور تسلی بخشے گا۔ اِس دُنیا میں تمام برسراقتدار لوگ خُدا کے ہاتھوں میں ہیں وہ اُس وقت تک کُچھ بھی نہیں کرسکتے ہیں جب خُدا کی مرضی اُس کام میں شامل نہ ہو۔ کلام مُقدس بیان کرتا ہے کہ بادشاہ کا دل خُدا کے ہاتھوں میں ہے اور وہی اُس کے دل کو اپنی مرضی کے مُطابق جدھر چاہتا ہے موڑ دیتا ہے۔ جب میں پہلی مرتبہ ملازمت حاصل کرنے کی غرض سے گیا تو میں نے اپنے گھر سے نکلنے سے پہلے ایک

دُعا کی اور خُداوند سے کہا کہ میں یقین رکھتا ہوں کہ تُو ہی خُداوند ہے جس نے اِس زمین کے تمام لوگوں کو یہ اختیار بخشا ہے کہ وہ لوگوں کے لئے روزگار کا وسیلہ بن سکیں۔ میں آج اپنے گھر سے جس مقصد کے لئے نکل رہا ہوں اُسے تیرے حضور میں پیش کرتا ہوں اور تجُھ سے منت کرتا ہوں کہ تُو میرے مدد کرنا اور جس بھی شخص سے میری مُلاقات ہو تُو اُس کے دل کو میرے لئے نرم کرنا۔ اور خُدا نے میری دُعا کو سُنا اور اُس کا جواب دیا۔ خُداوند کی تعریف ہو۔ خُدا نے اِس دُنیا میں ایک مخصوص رنگینی پیدا کر رکھی ہے، اُس نے سب کُچھ ایک طرح اور ایک جیسا ہی نہیں پیدا کیا بلکہ اُس کی اِس کائنات میں ایک اُتار چڑھاؤ پایا جاتا ہے، کُچھ مختلف پایا جاتا ہے، ہر ایک چیز میں یکسانیت نہیں پائی جاتی ہے۔ اور اِس دُنیا میں رہتے ہوئے ہم اِسی بات کو اپنے خاندانوں، مُعاشروں اور شہروں میں دیکھ سکتے ہیں۔ ہماری شخصی زندگیوں میں ہم مختلف کاموں کو مختلف انداز سے کرتے ہیں۔ خُدا کی قُدرت اور اُس کی بھلائی کے بہت سارے نشانات اِس کائنات میں پائے جاتے ہیں جنہیں دیکھتے ہوئے ہم اُس کی بے پایاں قُدرت کے بارے میں غور کر سکتے ہیں۔

ہر ایک شخص اپنے ایمان کو ایک مختلف طریقے سے پیش کرتا ہے کُچھ لوگوں میں ایمان کی پہچان کی بابت بہت زیادہ تعلیم دینے کی ضرورت ہے۔ اور یاد رکھیں کہ ایسا کرتے ہوئے بالکُل بھی اِس بات ایک طرف رکھ دیں کہ آپ کون سے لوگوں میں جارہے ہیں اُن کا عبادت کرنے کا طریقہ کِس طرح کا ہے اور وہ کون کون سی باتوں کو ترجیح دیتے ہیں یا کون کون سے

خاندان ہیں جو اِس میں شریک ہوتے ہیں۔ آج کے دور میں جب ہم ایمان کے بارے میں بات چیت کرتے ہیں تو کُچھ باتوں کو زیادہ تر استعمال میں لایا جاتا ہے اور کُچھ اِس طرح سے شروع کرتے ہیں جیسے کہ آپ یسوع کے بارے میں کیا کہنا چاہیں گے، آپ کِس طرح سے مسیحی کتابوں میں سے یسوع کے بارے میں جانتے ہیں، آپ مسیح یسوع کے پس منظر کے بارے کیا کُچھ یا کِتنا زیادہ جانتے ہیں۔ اور جب لوگ یسوع مسیح کے بارے میں بتانا شروع کرتے ہیں تو پہلے منظر میں وہ سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ شخصی طور پر مسیح یسوع کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں اِس سلسے میں مختلف اقتباسات اور تاریخی حوالہ جات کی مدد لیتے ہیں۔ اور اگلے منظر میں وہ اِس بات پر زور دیتے ہیں کہ مسیح یسوع پر ایمان لایا جانا بہت ضروری ہے اور وہ اُن شہادتوں اور شخصی تجربات کو پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں جن کی مدد سے وہ لوگوں کی مدد کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ مسیح یسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کر لیں۔ وہ اُنہیں اپنی توقعات کے بارے میں بتاتے ہیں کہ میں مسیح یسوع کو اپنا نجات دہندہ کے طور پر لیتے ہوئے اُس سے کِس قسم کی توقعات وابستہ کر سکتا ہوں۔ شخصی طور پر جو کُچھ اُس نے میرے لئے کیا وہ یہ ہے کہ اُس نے میرے لئے اِس دُنیا میں آکر بنی نوع انسان کے ساتھ انسانی شکل وصورت میں ایک کامل اور بے داغ زندگی بسر کی۔ وہ میری اور اِس دُنیا کے ہر ایک شخص کی خاطر پکڑوایا گیا، دُکھ اُٹھایا اور میرے اور اِس دُنیا کے ہر ایک شخص کے فدیے کے لئے صلیب دیا گیا۔ میں اپنی زندگی کے ہر ایک جاگتے لمحے میں

اُس کی خدمت کرنے کا خواہشمند ہوں۔ وہی ایک کامل ہستی ہے جو اِس دُنیا میں امن کا پیغام لے کر آئی اِسی لئے ہم اُسے امن، صلُح اور سلامتی کا شہزادہ کہتے ہیں۔ ہم اپنے تمام تجربات کو لوگوں کے ساتھ بانٹتے ہیں کہ ہم کِس طرح سے اُس کی بندگی کرتے ہیں اور کیوں کرتے ہیں۔ ہم کِس طرح اُس کئے وسیلہ سے باپ تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔ ہم اپنے دوستوں، عزیزوں اور ساتھ ہم خدمت بھائیوں کے تجربات کو لوگوں کے ساتھ بانٹتے ہیں جن سے ہم شخصی طور پر واقف ہوتے ہیں۔ اور آپ اُن تمام مُفید کُتب کا حوالہ دیتے ہیں جنہیں آپ اپنی مسیحی زندگی میں راہنمائی کے لئے استعمال میں لا چُکے ہوتے ہیں۔

میں کُچھ لوگوں کو جانتا ہوں جو اپنی شخصی گواہی کو لوگوں میں بیان کرتے ہوئے جب اُن کُتب کا حوالہ دے رہے ہوتے ہیں تو وہ بیان کرتے ہیں کہ وہ ، پاک تعلیمات، مارمن کی کتاب اور کُچھ مسیحیت سے مُتعلقہ سائنسی کُتب کو اپنی مسیحی زندگی میں بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ اگرچہ میں نے اِسے چھ ماہ پہلے سُنا ہوگا لیکن ابھی تک میرے ذہن میں اِس طرح کے سوالات گُونج رہے ہیں کہ وہ لوگ اِس کتاب کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ میں اُس نے پُوچھنا چاہوں گا کی کیا آپ اُن تمام باتوں کو تحریر کرسکتے ہیں جنہیں آپ اِس کتاب کے تعلُق سے جانتے ہیں۔ آپ خُدا کے حقیقی کلام کے بارے میں کیا کُچھ جانتے ہیں؟ یا دوسری کُتب جن کا آپ نے ذکر کیا آپ کیا جانتے ہیں اُن کے بارے میں؟ اگر ہم مختلف کلیسیاؤں کی جانب دیکھتے ہیں تو ہم جانتے ہیں کہ اپنے ایمان کے بارے میں وہ ایک اپنی تعلیمات رکھتے

ہیں اور وہ اُنہیں ثابت کرتے ہیں کہ اِس ایمان کی بُنیاد اِس خُدا کے پاک کلام پر قائم ہے جو کہ حتمی اور لاتبدیل ہے۔

ہر ایک شخص جو کِسی بھی موضوع پر بات کرتا ہے وہ ایک اختیار رکھتا ہے اور اُس کے پاس ایک قوت ہوتی ہے جس کا استعمال خُدا کی مرضی کے مُطابق ہونا بہت ہی ضروری ہے۔ کوئی بھی شخص جو کِسی بھی عہدے پر فائز ہوتا ہے وہ خُدا کے ہاتھوں میں ہوتا ہے اور نہیں جانتا ہوتا ہے کہ اگر اُس سے مزید کام نہ لینے میں خُدا کی مرضی ہے تو وہ کِسی بھی وقت اُس سے اِن تمام اختیارات کو واپس لے سکتا ہے اور کِسی دوسرے کو جو اُس سے بہتر ہے اِن سے نواز سکتا ہے۔ بہترین فیصلہ کرنے کی قوت خُدا کے پاس ہے اور وہ جو کرتا ہے وہ ہی حالات اور صورتِ حال کے مُطابق بالکُل ٹھیک ہوتا ہے۔ بعض اوقات ظاہری طور پر بہت کُچھ ہوتا ہے جِسے سمجھنا کُچھ مُشکل ہوتا ہے اور جو ہمیں ٹھیک معلوم نہیں ہوتا ہے لیکن اُس میں چھُپی ہوئی خُدا کی مرضی کو جاننا بہت ضروری ہوتا ہے۔ اور وہ لوگ جو خُدا کے ساتھ ایک شخصی تعلُق رکھتے ہیں وہ اُس راز کو جان جاتے ہیں اور اُس پر توکل رکھتے ہوئے خاموش رہتے ہیں۔ خُدا اپنی بھید کی باتوں کو اپنے برگُزیدہ لوگوں پر ظاہر کرتا ہے۔ ہمیشہ جس بات میں آپ کی سوچ اور خیالات آپ کو مُطمئن نہ کر سکیں اُسے خُدا کے حضور میں رکھیں اِس ایمان کے ساتھ کہ وہ ضرور آپ کے اِس کے بارے میں اپنے نام کو جلال دینے کے لئے فہم بخشے گا۔ کیونکہ اِس زمین اور اِس کائنات میں کُچھ بھی اُس کی مرضی کے بغیر نہیں ہوتا ہے جو کُچھ بھی ہوتا ہے

اُس میں اُس کی کامل مرضی اور مقصد شامل ہوتا ہے ۔ خُدا اپنے تمام وعدوں میں اپنے بیٹے، اپنے لوگوں، اپنی کلیسیا اور اپنے برگُزیدوں کے ساتھ وفادار ہے۔ وہ انسان نہیں ہے کہ اپنے ارادوں کو تبدیل کرے۔ وہ خُدا ہے اُس کے تمام وعدے سچے اور ہاں کے ساتھ ہیں اور جو اُن کا یقین کرتے ہیں وہ اُنہیں برکت دیتا ہے۔ اُس نے اپنے ایسے ہی لوگوں کی بابت کہا تھا کہ جو کُچھ تُم زمین پر باندھو گے وہ آسمان پر بندھ جائے گا۔ جو اُس پر ایمان اور کامل یقین رکھتے ہیں اور اُن کی فکر کرتا اور اُنہیں اپنا خاص فہم عطا کرتے ہوئے اُنہیں ہر طرح کی گُمراہی سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور یہ ایمان ہی ہے جس میں خُدا کے لوگ ہر طرح کے حالات میں دلیر ہوتے ہیں، تاریخ میں بہت سے مُقامات پر خُدا کے لوگوں پر بہت سے مُظالم ڈھائے گئے، یہاں تک حکومتی سطح پر اُنہیں پریشان کرنے کی ہر مُمکن کوشش کی گئی لیکن خُدا پر اُن کے ایمان میں کوئی بھی اذیت کمی کا سبب نہ بن سکی تھی بلکہ اُن کی آنکھیں اپنے خُداوند پر لگی ہوئی تھیں اور وہ اُسکے وعدوں پر یقین رکھتے تھے۔ حکومتی قوانین اُنہیں خُدا کے نام کو جلال دینے کے راستے میں رکاوٹ نہ بن سکے تھے۔

اِس کے ساتھ ہی ہمیں آج کی اِس ساری گُفتگو کو یہاں پر ختم کرنا ہوگا اور یقین ہے کہ ہم آئندہ حصے میں اِسے یہاں سے ہی جاری کرتے ہوئے اِس کے بارے میں مزید بہت ساری باتوں پر غور کریں گے۔ آئیے ہم دُعا میں اپنے سروں کو جھُکائیں:

خُداوند آسمانی باپ ہم اِس کائنات کے لئے تیرا شُکر کرتے ہیں جِسے تُو نے اپنے کاموں کو ہم پر ظاہر کرنے اور اُنہیں ہمیں سمجھانے کے لئے خلق کیا ہے۔ تیرا شُکر کرتے ہیں اِس سارے انتظام کے لئے جو تُو نے ہماری کلیسیا، ہمارے خاندانوں، ہماری تنظیموں، ہمارے اداروں میں قائم کر رکھا ہے۔ جس میں سے ہم تیرے بہت سے قوانین کی بابت فہم حاصل کر سکتے ہیں۔ جن کی راہنمائی میں ہم آگے بڑھ سکتے ہیں اور اپنی زندگیوں کے لئے بہتری اور مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ ہم اس کائنات میں پائی جانے والی ہر ایک اچھی چیز کے لئے تیرا شکر کرتے ہیں جس پر غور کرتے ہوئے ہم تیری مہربانی اور عظمت کا اندازہ کا سکتے ہیں۔ خُداوند ہم تیرا شُکر کرتے ہیں ہر ایک چیز کے لئے تجُھ سے برکت مانگتے ہیں اور منت کرتے ہیں کہ ہمیں فہم عطا کر کہ ہم اِس کائنات میں سے نظر آنے والی تیری قُدرت کو تیرے پاک کلام اور تیرے وعدوں کی روشنی میں سے سمجھ سکیں۔ تیرے اِس خوبصورت نظام کے لئے تیرا شُکر کرتے ہیں جِسے تُو نے ہمارے لئے اِس بہترین انداز میں خلق کیا ہے اور جو تخلیق کے وقت سے لے کر آج تک اُسی حالت میں اپنا کام سرانجام دے رہا ہے۔ ہم اپنے ہر ایک شخصی مُعاملات کو تیرے حضور میں پیش کرتے ہیں کہ ہماری بات چیت، ہمارے تعلُقات، ہماری مُعاشرتی اور خاندانی، کاروباری اور روحانی زندگی میں تُو ہر طور سے ہمارے ساتھ ساتھ رہ اور ہماری راہنمائی کر۔ بخش کہ ہم راستی، بھلائی، محبت، مہربانی، مسیح یسوع کے پیغام کو اِس دُنیا میں بہترین طور پر پہنچانے والے بن سکیں۔ خُداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ

آپس کی محبت اور تیرے ساتھ قائم اپنے شخصی تعلقات میں مضبوط ہو سکیں اور قائم رہ سکیں۔ بخش کہ ہم راستی کو اپنی زندگیوں میں سے ظاہر کرنے والے بن سکیں اور اپنی زندگی کے ہر ایک پہلو سے ہم تیرے بیٹے کو جلال دے سکیں۔ آمین